درود ابراھیمی.................... گیارہ مرتبہ

مدت عمل.................... اکتالیس یوم (۴۱)

یہ وظیفہ بعد نماز عشاء شروع کرے اور آخر تک کسی سے بات نہ کرے بہتر ہے کہ خلوت اختیار کرے اور اس عمل کا کسی سے تذکرہ نہ کرے۔

## بیوی سے جماع پر قادر نہ ہو تو

يَآ يُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا O

سورۃ النساء کی آیت نمبر ۱ جو شخص جماع پر قادر نہ ہو تو اس آیت مبارکہ کو بعد نماز فجر مرغی کے انڈے پر دم کر کے (۴۱ دن تک) کھلایا جائے انشاء اللہ جماع پر قادر ہو جائے گا۔

## ہونٹ اور جلد کے پھٹ جانے کا علاج

وَالضُّحٰى O لا وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى O لا مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا

قَلٰیؕ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰیؕ وَلَسَوْفَ
یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰیؕ اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْماً فَاٰوٰیص
وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰیص

اور

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَاۙ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَھَاۙ
وَ قَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَھَاجۚ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَاۙ بِاَنَّ
رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَاؕ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ۵

سورۃ الضحیٰ ابتداء سے لے کر فَھَدٰی تک اور سورۂ زلزال ابتداء سے لے کر اشْتَاتاً تک تین تین بار پڑھے اور پڑھنے والا پڑھتے وقت اپنا ہاتھ پھٹی ہوئی جلد پر رکھے انشاء اللہ تندرستی حاصل ہوگی۔

## کسی پر جنّات کا سایہ ہو تو

تین مرتبہ درود شریف، سورۃ الفاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۃ یٰس کا پہلا رکوع، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اگر مرد ہو تو اللہ تعالیٰ کو حضور سید دو عالم نور مجسّم ﷺ کا واسطہ دے کر دعا کریں اور اگر عورت ہو تو حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہ کا واسطہ دے کر دعا کریں اور اگر جوان لڑکی ہو تو حضرت سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہ کا واسطہ دے کر دعا کریں اور اگر جوان لڑکا ہو تو حضرت سیّدنا علی اصغر رضی اللہ عنہ کا واسطہ دے کر دعا کریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

## جنّات کے اثر کا علاج

سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۂ بقرۃ کی آخری دو آیات، سورۂ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس کا آسیب زدہ پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بھی بہت مفید ہے۔

## فجر میں آنکھ نہ کھلتی ہوتو

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتۡ لَهُمۡ جَنّٰتُ
الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا ۙ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَا لَا یَبۡغُوۡنَ عَنۡهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلۡ لَّوۡ
کَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیۡ لَنَفِدَ الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ
کَلِمٰتُ رَبِّیۡ وَلَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ
یُوۡحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـهُکُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنۡ کَانَ یَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّهٖ
فَلۡیَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشۡرِکۡ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

رات کو سونے سے پہلے پارہ ۱۶ سورۃ کہف کی آخری چار آیتیں پڑھ کر سو جائیں، جہاں روحانیت نصیب ہوگی وہاں فجر کے لئے بآسانی آنکھ بھی کھل جائے گی۔

## بانجھ عورت کے لئے عمل

وَالذّٰرِیٰتِ ذَرۡوًا ۙ﴿۱﴾ فَالۡحٰمِلٰتِ وِقۡرًا ۙ﴿۲﴾
فَالۡجٰرِیٰتِ یُسۡرًا ۙ﴿۳﴾ فَالۡمُقَسِّمٰتِ اَمۡرًا ۙ﴿۴﴾
اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَصَادِقٌ ۙ﴿۵﴾ وَّاِنَّ الدِّیۡنَ لَوَاقِعٌ ؕ﴿۶﴾

حمل قرار پانے اور بانجھ پن دور کرنے کے لئے تین کھجوروں پر ان آیات پارہ ۲۶ سورۃ الذّٰریٰت کی آیت نمبر ۱ تا ۶ کو پڑھ کر عورت کو کھلانا نہایت مفید ہے ہر ایک کھجور پر ایک سو مرتبہ یہ آیات مبارکہ کو پڑھ کر دم کیا جائے اور یہ عمل سات روز تک جاری رکھا جائے۔

## بانجھ پن کا علاج

چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر (پارہ ۱۸ سورۂ نور کی آیت ۴۰ کو) سات سات بار

پڑھے اور جس دن عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزانہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر پانی نہ پیئے اور اس درمیان میں ضرور شوہر کے ساتھ تخلیہ (یعنی خلوت اختیار) کرے۔ آیت یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌ ۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ع

انشاءاللہ عزوجل اولاد ملے گی۔ (جنتی زیور، صفحہ ۷۰۶)

## پیاس نہ بجھتی ہو یا بار بار لگتی ہو

جس شخص کو پیاس کا مرض ہو گیا ہو اسے چاہیئے کہ اس ''سورۂ واقعہ'' کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات دن تک پیئے انشاءاللہ افاقہ ہو جائے گا۔

## لُو لگ گئی ہو

اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝ج عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِیْرًا ۝

سورۃ الدھر کی آیت نمبر ۵ تا ۶ کو اگر کسی شخص کو لُو لگ جائے یا پیاس کا مرض ہو جائے تو عرقِ گلاب پر ۱۰۳ مرتبہ دم کر کے مریض کو پلا دیا جائے تو مرض میں افاقہ ہو گا اور زہریلی ہوا کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## شادی میں رکاوٹ کا عمل

بعد نماز عشاء اور فجر سات سات مرتبہ سورۃ المزّمّل کی تلاوت کریں اور پھر ایک

سومرتبہ درود شریف پڑھ کر گڑ گڑا کر خصوصی دعا کریں انشاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔

## بواسیر (pile) کی تکلیف ختم کرنے کے لئے

اگر کسی کو بواسیر کی تکلیف ہو تو فجر کی سنتوں میں پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورہ فیل پڑھے انشاء اللہ اس کا معمول بنانے سے بواسیر سے نجات مل جائے گی۔

## بچہ کی عمر بڑھ رہی ہو مگر بولتا نہ ہو تو

جو بچہ اپنے بولنے کی عمر سے بڑا ہو گیا ہو مگر بولتا نہ ہو تو سورۃ جمعہ کی ابتدائی چار آیتیں گیارہ مرتبہ روزانہ اکیس (۲۱) دن تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیں انشاء اللہ ضرور بولے گا۔

## نیند کی کمی کا علاج

وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاساً وَّالنَّوْمَ
سُبَاتاً وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْراً O

جس کو رات میں نیند نہ آتی ہو وہ اس آیت مبارکہ (پارہ ۱۹ سورۃ الفرقان کی آیت نمبر ۴۷) کو پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ پانی پر دم کر کے پیئے یا کوئی اسے دم کر کے پلا دے سات روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔

## زبان کی لکنت، سانس چڑھتا ہو یا گھبراہٹ ہو

رَبِّ اشْرَحْ لِىْ صَدْرِىْO وَيَسِّرْ لِىْٓ اَمْرِىْO
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِىْO يَفْقَهُوْا قَوْلِىْO

(پارہ ۱۶ سورۃ طٰہٰ کی آیت ۲۵ تا ۲۸) کو جس شخص کا سینہ بولنے چلنے میں کمزور ہو

سانس چڑھتا ہو یا اس کے مزاج میں رعب غالب رہتا ہو یا مجمع کثیر میں گھبراتا ہو تو وہ ہر روز صبح کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۃ طٰہٰ کی ان آیات کو پڑھے انشاء اللہ یہ سب باتیں جاتی رہیں گی۔

## مکان یا اسباب پر نظر بد کا اندیشہ ہو تو

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ ط وَعَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

پارہ اوّل سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ۷ کو سات مرتبہ پڑھ کر مکان پر دم کرنا نہایت مجرب عمل ہے۔اور حقیقت میں یہ آیت نظر بند سے محفوظ رکھنے کے لئے ایک قلعہ کے مانند ہے۔

## آنکھوں کا پھڑکنا

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ۙ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۝ۙ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ؕ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ۙ

پارہ ۳۰ سورۃ انشقاق کی آیت نمبر ۱۶ تا ۲۰ کو سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں پھر دوبارہ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں انشاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا۔

## آنکھوں کی جملہ بیماریوں سے نجات کے لئے

وَالْعَصْرِ ۝ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

سورۃ العصر کو تین مرتبہ پڑھ کر سرمہ کی سلائی پر دم کر کے سرمہ لگانے سے آنکھوں کی جملہ بیماریوں کو دفع کرتا ہے گیارہ دن تک عمل جاری رکھیں۔

## آشوب چشم کا علاج

ٹھیک دوپہر کے وقت جس کو زوال کا وقت کہتے ہیں، باوضو بیٹھ کر ''یا رحمٰن'' اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی میں سلائی تر کر کے سات سات سلائیاں دکھتی آنکھوں میں تین دن لگائیں، انشاء اللہ افاقہ ہوگا اور پھر ایک سال تک آنکھیں دکھنے نہیں آئیں گی۔

## گردہ اور مرگی کے مریض کے لئے

پارہ ۳۰، سورۂ بلد کو روزانہ گیارہ مرتبہ کسی بھی وقت پڑھنا دردِ گردہ اور مرگی والے کے لئے مفید ہے۔

## طاعون، اور ہیضہ سے بچاؤ کیلئے

وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُونَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوهُمْ اَنْ تَطَؤُهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ م بِغَيْرِ عِلْمٍ ج لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ج

طاعون یا ہیضہ کے موقع پر (پارہ ۲۶ سورۂ فتح کی آیت ۲۵) کو لکھ کر پاس رکھنا امن کا باعث ہے۔

## وبائی امراض سے نجات کے لئے

مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ط وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ O وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ط وَاِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ O

اگر شہر میں طاعون ہیضہ یا وبائی بخار یا کسی اور عالمگیر وباء کی شہرت ہو تو ان آیات

(پارہ ۷ سورۂ انعام کی آیت ۱۶، ۱۷) کو مکان کے دروازے پر اور مکان کی اندر کی دیوار پر لکھ کر لگانا نہایت مفید ہے انشاء اللہ اس مکان میں وباء ہرگز داخل نہ ہوگی۔

## حج پر جانے کی خواہش ہو مگر وسائل نہ ہوں

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ○

پارہ ۲۶ سورۂ فتح کی آیت ۲۷ کا کثرت سے ورد کریں انشاء اللہ حج پر جانے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

## بلغمی امراض کے خاتمہ کے لئے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

## طریقۂ کار

پارہ ۳ سورۂ بقرہ کی آیت ۲۵۵ کو جس شخص کو بلغمی مرض ہو وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں (ڈلیاں) لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیۃ الکرسی دم کرے اور

روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھالے انشاءاللہ عزوجل مکمل شفایابی نصیب ہوگی۔

## یرقان کے خاتمہ کیلئے

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ج وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ O اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ O

سورۃ حشر کی آیت نمبر ایک (۱) اورسورۃ فاتحہ کی آیت نمبر چار (۴) کو (۱۶۲) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خوب پلائیں انشاءاللہ ختم ہوجائے گا۔ یہ عمل مجرّب ہے۔

## یرقان کا دوسرا علاج

سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ، پھر سورۂ حشر (پارہ ۲۸) ۷ مرتبہ اور پھر ایک مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

## کینسر، شوگر اور دیگر امراض سے نجات

وَاَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّہٗٓ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ O ج صلے

پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء کی آیت ۸۳ کو کینسر، شوگر اور دیگر امراض سے نجات کے لئے ۲۱/۲۱ مرتبہ صبح وشام پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلادیں۔

## شوگر کا دوسرا علاج

رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا O

پارہ ۱۵ سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ۸۰ کو روزانہ صبح وشام تین تین پڑھ کر پانی پر دم

کر کے پی لیں۔

## زبان کی لکنت اور ذہن کی کشادگی

"رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ" ○

پارہ ۱۶ سورۃ طٰہٰ کی آیت ۲۵ تا ۲۸ کو زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے روزانہ ۳ مرتبہ پڑھیں اور ذہنی کشادگی اور علم کی ترقی کے لئے فجر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔

## بھولنے کی بیماری اور کمزور ذہن

وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ ط وَکَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا ○

پارہ ۵ سورۃ نساء کی آیت ۱۱۳ کو روزانہ پانی پر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ بھولنے کا مرض جاتا رہے گا۔

## نافرمان اور ضدّی اولاد ہو تو

اَللّٰهُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَهْدِیْٓ اِلَیْهِ مَنْ یُّنِیْبُ ○

پارہ ۲۵ سورۃ الشوریٰ کی آیت ۱۳ کو ضدی یا نافرمان بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اس پر دم کریں۔

## اولاد کو فرمانبردار بنانے کے لئے

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَ رَبِّکُمْ ط مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ م بِنَاصِیَتِهَا ط اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○

پارہ ۱۲ سورۂ ھود کی آیت ۵۶ کو بچے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑ کر ۱۱ مرتبہ پڑھیں

اور اس پر دم کر دیں۔

## پیٹ کے درد کو دور کرنے کے لئے

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنهَا يُنزَفُوْنَ ۝

پارہ ۲۳ سورۃ الصّافّات کی آیت ۴۷ کو ۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں انشاءاللہ شفاء نصیب ہوگی۔

## گھر سے جنّات دور کرنے کا طریقہ

اِذَا جَآءَ نَصرُ اللّٰهِ وَالْفَتحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِیْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْهُ ط اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

سورۂ نصر کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں ۴۱ دن تک چھڑکیں انشاءاللہ مکان سے جنّات چلے جائیں گے۔

## اگر آنکھ دکھتی ہو تو

فَكَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَ کَ فَبَصَرُکَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

پارہ ۲۶ سورۂ ق کی آیت ۲۲ کو تین مرتبہ پڑھ کر آنکھ پر دم کریں تو درد ختم ہو جائیگا۔

## سر میں درد دُور کرنے کیلئے

لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنهَا وَلَا يُنزِفُوْنَ ۝

پارہ ۲۷ سورۂ واقعہ کی آیت ۱۹ کو ۳ مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کیا جائے تو انشاءاللہ فوراً آرام آجائے گا۔

## سر میں درد دُور کرنے کا دوسرا طریقہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اپنا ہاتھ ماتھے یعنی پیشانی پر رکھ کر ۴۱ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے نہایت موثر و مجرّب ہے۔

## معدہ کمزور ہو گیا ہو تو

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰہُ فِیۡ لَیۡلَۃِ الۡقَدۡرِ ۚۖ وَمَاۤ اَدۡرٰکَ مَا لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ ؕ
لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ ۙ۬ خَیۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَہۡرٍ ؕ تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ الرُّوۡحُ
فِیۡہَا بِاِذۡنِ رَبِّہِمۡ ۚ مِنۡ کُلِّ اَمۡرٍ ۙۛ سَلٰمٌ ۟ۛ ہِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ع

اگر کسی کا معدہ کمزور ہو گیا ہو تو سورۂ قدر ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں انشاء اللہ شفا نصیب ہو گی۔

## جگر کے امراض کے لئے

تَبٰرَکَ اسۡمُ رَبِّکَ ذِی الۡجَلٰلِ وَ الۡاِکۡرَامِ ع

پارہ ۲۷ سورۂ رحمٰن کی آیت ۷۸ کو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں انشاء اللہ شفاء نصیب ہو گی۔

## زہریلے جانور کے کاٹنے کا علاج

رَبَّنَا ہَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعۡیُنٍ
وَّ اجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِیۡنَ اِمَامًا ○

پارہ ۱۹ سورۂ فرقان کی آیت ۷۴ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے

مریض کو پلا دیں۔

جس جگہ زہریلہ جانور کاٹ لے اس جگہ انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھینٹا مارے یا کان میں دم کر دیں انشاءاللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

## گھر میں مدنی ماحول بنانے کا نسخہ

وَالَّذِیۡنَ یَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا
قُرَّةَ اَعۡیُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِیۡنَ اِمَامًا ○

پارہ ۱۹ سورۂ فرقان کی آیت ۷۴ کو ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ ایک بار پڑھ لیں انشاء اللہ عزوجل بال بچے سنتوں کے پابند بنیں گے اور گھر میں مدنی ماحول قائم ہوگا۔ (مسائل القرآن، صفحہ ۲۹۰)

## آسیب سے بچاؤ کے لئے

وَاِذَا بَطَشۡتُمۡ بَطَشۡتُمۡ جَبَّارِیۡنَ ○ۚ

پارہ ۱۹ سورۃ الشعراء کی آیت ۱۳۰ کو تین مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ کو پلا دیں انشاء اللہ آسیب سے نجات مل جائے گی۔

## بدہضمی کا علاج

وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ
اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیۡرًا ○ۘ

اگر کسی کو بدہضمی کی شکایت رہتی ہو تو اس آیت مبارکہ (پارہ ۱۵ سورۂ بنی اسرائیل

کی آیت ۱۰۵) کو کھانا کھانے کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھالیں انشاءاللہ بدہضمی کی شکایت دور ہو جائے گی۔

## مرگی کا علاج

جو شخص ''سورۂ سجدہ'' (پارہ ۲۱) کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا اور اگر کوئی شخص مرگی سے بے ہوشی ہو جائے تو اس کے سیدھے کان میں اذان اور الٹے کان میں اقامت سات بار کہیں اُسے ہوش آجائے گا۔

## مالیخولیا اور سودا (دیوانگی) کا علاج

مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ ؕ

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ○

مالیخولیا (ایک قسم کا جنون، پاگل پن) کے لئے پارہ ۱۱ سورۃ یونس کی آیت ۸۱ کو اور سورۃ الفلق، سورۃ الناس کو باوضو ہو کر ہر نماز کے بعد ۱۱/۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

## دانت یا داڑھ میں درد ہو تو

وَهُوَ الَّذِىۡۤ اَنۡشَاَ لَـكُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ

وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ○

پارہ ۱۸ سورۂ مؤمنون کی آیت ۷۸ کو جس کے دانت یا داڑھ میں درد ہو تو اپنی انگلی اس مقام پر رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ درد ختم ہو جائے گا۔

## انگلیوں کے درد کا علاج

لَّا يُصَدَّعُوۡنَ عَنۡهَا وَلَا يُنۡزِفُوۡنَ ۙ○

انگلیوں میں کسی بھی قسم کی کوئی تکلیف ہوتو ۳۰۰ مرتبہ اس آیت مبارکہ (پارہ ۲۷ سورۂ واقعہ کی آیت ۱۹) کو تل کے تیل پر دم کر کے مالش کریں۔

## بواسیر کا علاج

دو رکعت نفل نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فیل پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ستّر ۷۰ مرتبہ یہ پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

## کثرتِ حیض کا علاج

حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک پارہ ۲۹ کی سورۂ دہر پانی پر دم کر کے پلائی جائے کثرتِ خون سے شفایابی ہوگی۔

## کثرتِ احتلام کا علاج

بستر پر جاتے وقت ''سورۂ طارق'' (پارہ ۳۰) کو پڑھ لینے سے کثرت احتلام سے نجات ملے گی اور اگر پہلے سے یہ مرض ہے تو بالکل ختم ہو جائے گا۔

## جریان کا علاج

جریان کے مریض کو ''سورۃ الحجرات'' (پارہ ۲۶) کو تین مرتبہ پانی پر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائی جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

## نامردی کا علاج

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

ہر روز نماز فجر کے بعد سورۂ فاتحہ کی یہ آیت مبارکہ ۳۰۰ سو مرتبہ پڑھیں اور یہ عمل

۱۲۰ دن تک جاری رکھیں انشاءاللہ نامردی کا خاتمہ ہوجائے گا۔

## بھوک و پیاس کی کمی کا علاج

وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ۝ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۝

پارہ ۱۹ سورۂ شعراء کی آیت ۷۹ تا ۸۰ کو ۱۴۱ اکتالیس مرتبہ کھانے پر دم کر کے کھلائی جائے اور اگر بھوک بالکل نہیں لگتی ہو تو یہ آیت ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائی جائے انشاءاللہ خود بھوک لگے گی۔

## بھوک نہ لگتی ہو تو

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِیْمٌ ۝

اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو اس آیت (پارہ ۱۸ سورۃ نور کی آیت ۱۰) کو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے انشاءاللہ بھوک لگے گی۔

## دست اور پیچش کا علاج

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

اگر کسی کو دست اور پیچش ہوں تو اس آیت (پارہ ۱۴ سورۃ النحل ۱۲۸) کو سات دن تک ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائی جائے۔

## دست کی بیماری کا دوسرا علاج

سورۂ قدر بسم اللہ شریف کے ساتھ ۱۴ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے نہار منہ پلائیں۔

## سینے کے درد کا علاج

جس کے سینے میں درد ہو وہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ الم نشرح سات مرتبہ پڑھ کر

مریض پر دم کر دیں اگر مریض خود کرنا چاہے تو اپنا سیدھا ہاتھ سینے پر رکھ کر سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ درد فوراً ختم ہو جائے گا۔

## داغ دھبّوں کا علاج

**مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ط**

اگر چہرے یا بدن کے کسی بھی حصہ پر کوئی داغ دھبّہ ہو جس کو آپ ختم کرنا چاہتے ہوں تو اس آیت مبارکہ (پارہ ۱ سورۂ بقرہ کی آیت ۷۱) کو اکتالیس **41** مرتبہ دوا یا مرہم جو آپ کا ڈاکٹر یا حکیم تجویز کرے اس پر دم کریں انشاءاللہ ہر قسم کے داغ دھبّے دور ہو جائیں گے۔

## زبان بند ہو جانے کا علاج

**وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝**

ہر روز نماز فجر اور مغرب کے بعد انتہائی یکسوئی اور توجّہ کے ساتھ سورۂ والتّین ۲۱ مرتبہ تلاوت کریں انشاءاللہ بند زبان کھل جائے گی۔

## چھالے، پھنسیوں کا علاج

**وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا**

قَلٰیO وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰیO وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰیO اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْماً فَاٰوٰیO وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰیO وَوَجَدَکَ عَآئِلاً فَاَغْنٰیO فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْO وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْO وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْO

سورۂ والضحیٰ اکتالیس ۴۱ مرتبہ چینی پر دم کر کے اس کو چبانے سے ہر قسم کے چھالے، پھنسیاں ختم ہو جائیں گے۔

## ناک کے درد کا علاج

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًاO

ناک میں درد ہونے کی صورت میں اس آیت (سورۂ بنی اسرائیل کی آیت ۱۰۵) کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

## نزلہ وزکام کا علاج

### وظیفہ

تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے تو وہ انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

## نکسیر پھوٹنے کا علاج

لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ز وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَO

مریض کی پیشانی پر یہ آیت (پارہ ۷ سورۂ انعام کی آیت ۶۷) لکھی جائے تو فوراً نکسیر بند ہو جائے گی۔

## موتیا بند کا علاج

فَکَشَفۡنَا عَنۡکَ غِطَآءَ کَ فَبَصَرُکَ الۡیَوۡمَ حَدِیۡدٌ O

ہر فرض نماز کے بعد اس آیت (پارہ ۲۶ سورۂ قٓ کی آیت ۲۲) کو تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرنا موتیا بند کے لئے مفید ہے۔

## ابرو کے درد کا علاج

وَلَوۡ اَنَّ مَا فِی الۡاَرۡضِ مِنۡ شَجَرَۃٍ اَقۡلَامٌ وَّالۡبَحۡرُ یَمُدُّہٗ

اگر کسی کے ابرو میں درد ہو تو اس آیت (پارہ ۲۱ سورۂ لقمان کی آیت ۲۷) کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

## آدھے سر کے درد کا علاج

سورۃ الناس ۷ بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر سر پر دم کیجئے اور پوچھیے اگر ابھی درد باقی ہو تو دوسری بار بھی اسی طرح دم کیجئے اگر اب بھی درد ہو تو تیسری بار بھی اسی طرح دم کیجئے پورے سر کا درد ہو یا آدھے سر کا کیسا ہی شدید درد ہو تین بار میں انشاء اللہ عزوجل جاتا رہے گا۔

## جزام (کوڑھ، برص) اور ہر موذی مرض کا علاج

اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ O ج صلے

پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء کی آیت ۸۳ کو روزانہ جب تک آرام نہ آئے جذام کے مریض کو دم کریں اور مریض کو خود بھی چاہیے کہ اس کا کثرت سے ورد کرتا رہے، انشاء اللہ بہت جلد ہی آرام آجائے گا۔

## جوڑوں کے درد کا علاج

جس جگہ پر درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر ۱۰ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۂ

کافرون پڑھ کر دم کریں پھر چھوڑ کر مریض سے دریافت کریں کہ آرام آیا یا نہیں اگر نہیں آیا تو دوبارہ کریں اس طرح تین بار کرنے سے انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

## طاعون اور ہیضہ کا علاج

سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے طاعون اور ہیضہ کے مرض سے شفاء نصیب ہوگی۔ یہ عمل مجرّب ہے۔

## لقوہ سے حفاظت کا طریقہ

جس شخص کو لقوہ کا مرض ہو یا جو اس مرض سے بچنا چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ ہر روز اشراق کی نماز کے بعد ایک مرتبہ ''سورۂ شمس'' ( **وَ الشَّمْسِ وَ ضُحٰهَا** ) پڑھ لیا کرے۔

## کینسر کا علاج

فجر کی سنّتوں کے بعد فرضوں سے پہلے ۴۱ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور ہر بار الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں نہایت ہی مجرّب عمل ہے۔

## خارش (الرجی) کا علاج

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا! سات سات مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر مریض پر دم کرنا خارش کے لئے بہت مفید ہے۔

## زہر کے خاتمے کے لئے

**وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝**

روزانہ گیارہ دن تک اس آیت ( پارہ ۲۳ سورۂ یٰس کی آیت ۶۷ ) کو پڑھ کر دم

کریں زہر والی جگہ پر شہادت کی انگلی سے تین بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں انشاء اللہ زہر جاتا رہے گا اور شفاء نصیب ہوگی۔

## اللہ کے دوستوں سے ملاقات کے لئے

رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ ط

اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ O ع

جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملنے کا آرزومند ہو تو وہ اس آیت (پارہ ۳ ال عمران کی آیت ۸) کو کثرت سے پڑھے۔

## جادو کا اثر نہ ہوگا

وَاُمْلِیْ لَهُمْ ط قف اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ O

پارہ ۹ سورۂ اعراف کی آیت ۱۸۳ کو لکھ کر بازو پر باندھیں اگر کوئی اس شخص پر جادو کرے گا بھی تو اثر نہیں ہوگا۔

## بدہضمی سے نجات کے لئے

کُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِیْٓئًا م بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ O

اِنَّا کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ O

جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو تو پارہ ۲۹ سورۃ المرسلٰت کی آیت ۴۳ تا ۴۴ کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھیرنے یا کھانے پر دم کر کے کھانے سے اس مرض سے خلاصی عطا ہوگی۔

## حاکم کو مہربان کرنا

کَمْ اٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ اٰیَةٍ م بَیِّنَةٍ ط وَمَنْ یُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْ م

بَعۡدِ مَا جَآءَ تۡهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِO

جس شخص سے حاکم سخت ناراض ہو یہ آیت (پارہ ۲ سورۂ بقرہ کی آیت ۲۱۱) کو تین مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے انشاءاللہ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

## میاں بیوی میں محبت کے لئے

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا یُّحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِؕ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِؕ وَلَوۡ یَرَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ یَرَوۡنَ الۡعَذَابَۙ اَنَّ الۡقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیۡعًاۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعَذَابِO

جس عورت کا خاوند ناراض ہو اس آیت (پارہ ۲ سورۂ بقرۃ کی آیت ۱۶۵) کو شیرنی پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائے مطیع ہو جائیگا۔

## لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہو تو

رَبِّ هَبۡ لِیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةًۚ اِنَّكَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِO

حضرت خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو تو یا نیک بخت فرزند کا آرزومند ہو یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو تو اس آیت (پارہ ۳ سورۃ ال عمران کی آیت ۳۸) کو روزانہ ۳۳ مرتبہ پڑھیں۔

## آسیب دور کرنے کے لئے

وَلَقَدۡ فَتَنَّا سُلَیۡمٰنَ وَاَلۡقَیۡنَا عَلٰی كُرۡسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَO

جس شخص پر آسیب ہو اس کے بائیں کان میں سات مرتبہ اس آیت (پارہ ۲۳

سورۂ ص کی آیت نمبر۳۴) کو پڑھیں انشاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

## ناجائز تعلقات ختم کرنے کے لئے

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ ج فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ Oع

اگر کسی عورت کا خاوند کسی غیر عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لئے اس آیت (پارہ ۷ سورۃ المائدۃ کی آیت نمبر ۱۰۰) کو گیارہ دن تک ۱۴۱ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ بری عادتیں ختم ہو جائیں گی۔

## خاندانی نااتفاقی دور کرنے کے لئے

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ O

پارہ ۱۴ سورۃ الحجر کی آیت نمبر ۴۷ کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک دیں جب تک کامیابی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

## غصّہ اور ضد ختم کرنے کے لئے

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ Oلا

پارہ ۱۷ سورۃ الانبیاء کی آیت ۶۹ جس شخص کو غصّہ بہت آتا ہو یا ضدّی ہو تو وہ اس آیت کی تکرار کرتا رہے انشاء اللہ غصّہ کم ہو جائے گا۔

## رہنے کے لئے مکان نہ ہو تو

وَلَقَدْ مَکَّنّٰکُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَکُمْ فِیْھَا مَعَایِشَ ط قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَ Oع

جس کے پاس گھر نہ ہو وہ اس آیت (پارہ ۸ سورۂ اعراف کی آیت ۱۰) کو روزانہ ۱۵۱ مرتبہ پڑھتا رہے انشاء اللہ اس کی برکت سے ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

## نعمتوں کا دروازہ کھولنے کے لئے

سورۂ فاتحہ تین مرتبہ، سورۂ الم نشرح تین مرتبہ، سورۂ قدر گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے نعمتوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔

## نعمت طلب کرنے کے لئے

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌO

پارہ ۲۰ سورۂ قصص کی آیت ۲۴ کو چلتے پھرتے حصول نعمت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے باکثرت پڑھیں۔

## جائز باہمی محبت پیدا کرنے کے لئے

وظیفہ

وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعاً مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌO

پارہ ۱۰ سورۃ الانفال کی آیت نمبر ۶۳ کو روزانہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

## چہرہ نورانی بنانے کے لئے

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِهٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ط اَلزُّجَاجَةُ کَاَنَّهَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَکَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا

غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ۙO

پارہ ۱۸ سورۂ نور کی آیت ۳۵ کو چہرہ نورانی اور رونق افروز بنانے کے لئے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے چہرہ اور جسم پر دم کریں چہرہ اور دل نورانی ہو جائے گا۔

## ظلم سے نجات حاصل کرنے کے لئے

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ O

پارہ ۷ سورۂ انعام کی آیت ۴۵ کو ظلم دفع کرنے اور ظالم سے نجات پانے کے لئے ہر نماز کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔

## دل کے آپریشن سے نجات کیلئے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙO اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّيْفِ ۚO فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙO الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۵ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧO

دل کمزور ہو گیا ہو، دل کے وال بند ہو گئے ہوں، دل کی رگیں بند یا کمزور ہو گئی ہوں جس کی وجہ سے آپریشن کی ضرورت سے ہو تو سورۂ قریش ایک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں آپریشن کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

## دانت تاحیات خراب نہ ہوں

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ O

روزانہ فجر کی نماز کے بعد اس آیت مبارکہ کو اکیس (۲۱) مرتبہ دونوں ہاتھوں کو دونوں گالوں پر رکھ کر پڑھنے سے دانت تاحیات خراب نہیں ہوں گے۔

## مکان خالی کروانے کے لئے

سورۂ مُزَّمِّل ۲۱ مرتبہ روزانہ گیارہ دن تک تلاوت کریں انشاء اللہ بہت جلد مکان خالی ہو جائے گی۔

## حافظ قرآن بھول جاتا ہو تو

وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ O اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِن مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ص وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ O

حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان پوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: جو شخص سوتے وقت ان آیات (سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ۱۶۳ تا ۱۶۴) کو پڑھ کر سوئے گا وہ قرآن کریم نہیں بھولے گا۔

## اگر کسی کو قرآن حفظ نہ ہوتا ہو تو

سورۂ فاتحہ ایک سو ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے انشاء اللہ اس کی برکت سے قرآن کریم حفظ ہو جائے گا۔

## بُرے وسوسے دفع کرنے کے لئے

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ج وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ O

پارہ ۲۷ سورۃ الحدید کی آیت ۳ کو اگر کسی کے دل میں برے وسوسے پیدا ہوتے ہوں تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کر کے سر پر پھیر لیں انشاء اللہ وسوسے آنا ختم ہو جائیں گے۔

## باغ، کھیت اور مال میں برکت

وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ ق صلے وَحِفْظًا ط

ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ O

حضرت خواجہ فخر الدین جیلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ آیت مبارکہ (پارہ ۲۴ سورہ حٰمۤ السجدۃ کی آیت ۱۲) مال کی حفاظت کے لئے مجرّب ہے جمعہ کے روز ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد کسی باغ سے ایک گلاب کا پھول لائیں پھر عصر کی نماز پڑھ کر یہ کلمات

"اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ"

۱۱ مرتبہ پڑھ کر گلاب کے پھول پر دم کریں پھول کو مال میں رکھیں اس کے بعد سجدے میں تین مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِ السَّارِقِیْنَ

اس پھول کو اگر باغ یا کھیت میں دفن کریں گے تو کھیت یا باغ میں برکت ہو گی۔

## سرسام (دماغ کا بخار) کا علاج

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝
قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا

(پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء کی آیت ۶۸ تا ۶۹ کو بخار کی شدت کی صورت میں دوسرا شخص باوضو مریض کے سر پر انگشت شہادت رکھے اور اکیس ۲۱ مرتبہ ان آیات کو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاءاللہ بخار اتر جائے گا۔

## گرمی کے بخار کا علاج

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ
تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۝ ج

پارہ ۹ سورۃ الاعراف کی آیت ۲۰۱ کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں انشاءاللہ گرمی کا بخار اتر جائے گا۔

## سردی کے بخار کا علاج

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ج

پارہ ۹ سورۃ الاعراف کی آیت ۱۴۳ کو ۷ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

## پاؤں کے رعشہ کا علاج

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لا لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ لا
يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ط

پارہ ۳۰ سورہ مُطَفِّفِین کی آیت ۴ تا ۶ کو اگر پاؤں میں رعشہ ہوگیا ہوتو ایک پاؤ روغنِ زیتون پر تین ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پاؤں کی انگلیوں پر مالش کی جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

## پیاس کی شدت کا علاج

صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے چہرے اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

## بار بار پیاس لگنے کا دوسرا علاج

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ق صلے
وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝

پارہ ۱۸ سورہ مؤمنون کی آیت ۱۸ کو پانی پر سات مرتبہ دم کر کے پلائیں بہت جلد فائدہ ہوگا۔

## کالی کھانسی کا علاج

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِىْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

اگر کالی کھانسی ہوجائے تو سات دن تک ۱۴۱ مرتبہ اس سورت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائی جائے اور اسی کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ شفاء عطا ہوگی۔

## اگر کان بہتا ہو

اگر کسی کا کان بہتا ہو تو پارہ ۳۰ سورۂ اعلیٰ ( سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی ) باوضو ہو کر ہر روز ۳ مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں دم کرے اللہ تعالیٰ کے کرم سے سات دن کے اندر اندر کان بہنا بند ہو جائیں گے اور شفاء نصیب ہو گی۔

## کم سنائی دیتا ہو تو

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ O

پارہ ۹ سورۂ اعراف کو آیت ۲۰۴ کو ۷ مرتبہ پڑھ کر کان میں دم کیا جائے شفاء نصیب ہو گی۔

## گردن کے درد کا علاج

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْن. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل فَتَبَارَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ . لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

ان آیات کو بعد نماز فجر ۴۱ مرتبہ پڑھ کر گردن پر دم کیا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

## زبان کی سوجن کا علاج

### وظیفہ

اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ۵ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ط اِنَّهٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا O

پارہ ۲۲ سورۂ فاطر کی آیت ۴۱ کو اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر زبان پر دم کیا جائے انشاءاللہ سوجن ختم ہو جائے گی۔

## دانت ہلنے کا علاج

لفظ ''لَا یَعْلَمُوْنَ'' ہلتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا اور اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

## دانت ہلنے کے علاج کا دوسرا وظیفہ

مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نفل بنیّتِ ایصال ثواب حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے انشاءاللہ دانتوں کا ہلنا بند ہو جائیگا۔

## دانتوں میں کیڑے لگنے کا علاج

''یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ، اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۙ وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا ۝ ج صلے

جس کے دانت کو کیڑا الگ گیا ہو ایک کپڑا لے کر اسے زور سے مروڑے اور ساتھ ہی یہ الفاظ پڑھتا جائے اور دم کرے جس وقت کپڑا اچھی طرح مروڑ جائے تو چھوڑ دے اسی طرح تین مرتبہ کرے انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

## پنڈلی میں درد ہو تو

اَللّٰہُ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِیْزَانَ ط وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ۝ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝ۙ اِلٰی رَبِّکَ یَوْمَئِذِ نِ الْمَسَاقُ ۝ؕ

پارہ ۲۵ سورۂ شوریٰ کی آیت ۱۷ اور پارہ ۲۹ سورۂ قیامہ کی آیت ۲۹ تا ۳۰ کو نو ۹ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

## مردانہ قوّت کے لئے

**اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا ؕ۝**

پارہ ۲۹ سورۂ مزّمّل کی آیت ۷ کو روزانہ ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ دس دن تک پانی پر دم کر کے پی لیں انشاءاللہ قوّت بحال ہونا شروع ہو جائے گی۔

## دردِ حلق سے نجات کے لئے

**اَوَلَمۡ یَرَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ کَانَتَا رَتۡقًا فَفَتَقۡنٰھُمَا ؕ وَجَعَلۡنَا مِنَ الۡمَآءِ کُلَّ شَیۡءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤۡمِنُوۡنَ ۝**

پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء کی آیت ۳۰ کو تین مرتبہ دم کر کے دردِ حلق کے مریض کو پلائیں انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

## خارش سے نجات کے لئے

**فَکَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ لَحۡمًا ٭ ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰہُ خَلۡقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِیۡنَ ؕ۝**

پارہ ۱۸ سورۂ مؤمنون کی آیت ۱۴ کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر خارش والی جگہ پر دم کریں شفا ہو گی۔

## کسی پر دل آجائے اس سے رہائی کا نسخہ

**یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِالۡقَوۡلِ الثَّابِتِ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا وَفِی الۡاٰخِرَۃِ ۚ وَیُضِلُّ اللّٰہُ الظّٰلِمِیۡنَ ۟ۙ وَیَفۡعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ ۝**

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بزرگ سے نقل کیا ہے کہ ایک بار ایک عورت پر میری نظر پڑ گئی اس سے ایسی بے چینی ہوئی کہ تمام شب نیند نہ آئی آخر شب خفیف سی نیند آئی

تو ایک کہنے والے نے کہا کہ (سورۃ ابراھیم کی آیت ۲۷) کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرو بے چینی ختم ہو جائے گی۔

## جانور کے کاٹے کا عمل

اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ۚ

(پارہ ۲۵ سورۃ زخرف، آیت ۷۹)

یہ آیت کریمہ ہر جانور کے کاٹے کے لیے اکسیر ہے گیارہ بار پڑھ کر کاٹنے کی جگہ دم کرے۔

## تلی بڑھ جانے کا علاج

اس آیت کو لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں: (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَ رَحۡمَۃٌ ؕ

پارہ ۲ سورۃ بقرۃ، آیت ۱۷۸

## ناف اتر جانے کا علاج

(الف) اس آیت کو لکھ کر ناف کی جگہ باندھیے۔

(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۬ۚ وَ لَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ۝

(پارہ ۲۲ سورۃ فاطر: آیت ۴۱)

(ب) تا حصول شفاء روزانہ ایک بار ناف پر ہاتھ رکھ کر اول آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ ذیل کی آیات سات بار پڑھ کر دم کیجئے۔ (یہ عمل مجرب ہے)

ھُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ مِنۡہُ اٰیٰتٌ مُّحۡکَمٰتٌ ھُنَّ اُمُّ

الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ
فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا
يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ؔ وَالرّٰسِخُوْنَ فِى الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا
بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ○ رَبَّنَا
لَا تُزِ غْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ
رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ○

(پارہ ۳سورۂ الِ عمران:آیت: ۷تا۸)

## بخار کا علاج

(الف) اگر بغیر جاڑے کے ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھیے اور اسی کو پڑھ کر دم کیجئے۔

(جنتی زیور، صفحہ ۲۰۶)

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ○ۙ

(پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء،آیت ۶۹)

(ب) اگر بخار جاڑے کے ساتھ ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھیے۔

(جنتی زیور، صفحہ ۲۰۶)

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا ؕ اِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ○

(پارہ ۱۲ سورۂ ھود: آیت ۴۱)

## پھوڑا پھنسی

پاک صاف ڈھیلا پیس کر اس پر یہ دعاء ۳ مرتبہ پڑھ کر تھوکے اور اس مٹی پر تھوڑا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف کی جگہ پر دن میں دو چار بار مل لیا کرے یا چاہے تو پھوڑے پر یہ مٹی لگا کر پٹی باندھ دیں۔

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًاۙ وَّ اَکِیْدُ کَیْدًاۚۖ
فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا۠

(پارہ ۳۰ سورۂ طارق : ۱۵ تا ۱۷)(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۷)

## زہریلے جانور نے کاٹا ہو

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَۚ (سورۃ الشعراء. آیت ۱۳۰)

اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اُس کے گرد اُنگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں ۷ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## بچے کی پیدائش کے دوران درد سے نجات کا علاج

پارہ ۳۰ سورۂ انشقاق کی آیت ۱ تا ۴ کو ایک پرچے پر لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھیں بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا وہ آیت یہ ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْۙ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْۙ وَ
اِذَاالْاَرْضُ مُدَّتْۙ وَ اَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْۙ

(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۸)

## ہیضہ کا علاج

ہر کھانے پینے کی چیز پر سورۃ القدر ( اِنَّـآ اَنْـزَلْنٰـهُ ) پڑھ کر دم کر لیا کریں انشاءاللہ عزوجل حفاظت رہے گی اور جس کو مرض ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں پلائیں انشاءاللہ عزوجل شفاء ہوگی۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۹)

## قے، درد، درد شکم کے لئے

پارہ ۲۳ سورۂ یٰس کی آیت ۷۷ کو لکھ کر پلائیں۔

اَوَلَمۡ يَرَ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ نُّطۡفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيۡمٌ مُّبِيۡنٌ O

## درد اعضاء کے لئے

نماز کے بعد سات بار پارہ ۲۸ سورۂ حشر کی آیت ۲۱:

لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلۡكَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُوۡنَ O

پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے درد کی جگہ پر ملے انشاء اللہ عزوجل درد جاتا رہے گا۔

## احتلام سے حفاظت

احتلام سے بچنے کے لیے سورۂ نوح پارہ ۲۹ سوتے وقت ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

## فالج ولقوہ

**لقوہ وفالج:** سورۂ زلزال لوہے (STEEL) کے برتن پر لکھ کر دھو کر پلائی جائے۔

**دیگر ترکیب:** سورۂ زلزال لوہے (STEEL) کے برتن میں لکھ کر دیں کہ مریض اس پر دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

## کوڑھ اور پیلیا

سورۂ ”بیّنة“ (لَمۡ يَكُنِ الَّذِيۡنَ) پڑھ کر برص و یرقان (یعنی کوڑھ اور پیلیا) والے پر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ کھانے پر دونوں وقت یہ سورت صحیح خواں (یعنی درست پڑھنے والے) سے پڑھوا کر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

## خونی و بادی بواسیر کا علاج

ہر قسم کی بواسیر خونی و بادی کے لیے دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد

شریف کے سورۂ الم نشرح، دوسری میں سورۂ فیل اور سلام کے بعد ستر بار کہے:

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ

چند روز اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر دفع ہو۔

## برائے قضائے حاجات

حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عامل ہوں تو ان کی حاجتوں کو کافی ہے پھر یہ آیت کریمہ ارشاد فرمائی۔ (ادائے قرض اور روزی و روزگار کے لیے اس کی کثرت مفید و مجرب ہے)

وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا ۙ وَّیَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ ؕ وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ۝

(پارہ ۲۸ سورۂ طلاق، آیت ۲،۳)

## گمشدہ شے کے واپس ملنے کا عمل

چالیس بار سورۂ یٰسٓ شریف سات دن تک پڑھے۔

## چوری سے محفوظ رہے

سورۂ توبہ کو اپنے اسباب میں رکھے انشاء اللہ عزوجل چوری سے محفوظ رہے گا۔

## کبھی محتاج نہ ہو

جو شخص ہر رات میں سورۂ واقعہ پڑھے گا اس کو کبھی فاقہ نہ ہو گا انشاء اللہ عزوجل

(مشکوٰۃ المصابیح، جلد ۱، صفحہ ۴۰۹، حدیث ۲۱۸۱)

حضرت خواجہ کلیم اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ادائے قرض اور فاقہ دور کرنے کے لیے اس کو بعد نمازِ مغرب پڑھو۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۹۷)

## تلاشِ معاش

تلاشِ معاش کے لیے سورۂ اخلاص کو بسم اللہ شریف کے ساتھ ایک ہزار ایک بار، اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف عروج ماہ (یعنی چاند کی پہلی سے چودھویں تک کے زمانہ) میں پڑھنا نہایت موثر ہے۔

## رزق کی تنگی

وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور فرمایا حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

نَوْمُ الصُّبْحَۃِ تَمْنَعُ الرِّزْقَ ٥

صبح کا سونا روزی کو روکتا ہے۔

## ایمان کا حصہ

وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور فرمایا حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

اَلْحَیَآءُ مِنَ الْاِیْمَانِ ٥

حیا ایمان کا حصہ ہے۔

# مُتفرِق وظائف

## اور دعاؤں

## سے

## مسائل کا حل

## ۹۹ بیماریوں کا علاج

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، دو عالم کے مالک ومختار، حبیب پروردگار عزوجل وﷺ نے فرمایا: جس نے

"لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه"

کہا تو یہ (اس کے لیے) ننانوے بیماریوں کی دوا ہے ان میں سب سے ہلکی بیماری رنج والم ہے۔ (الترغیب و الترھیب جلد ۲، صفحہ ۲۸۵، حدیث ۲۴۴۸)

## بخار سے شفاء

جس کو بخار ہوے بار یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

(المستدرک للحاکم جلد ۵، صفحہ ۵۹۲، حدیث ۸۳۲۴)

اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا نمازی آدمی سات بار پڑھ کر دم کر دے یا پانی پر دم کر کے پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار اتر جائے گا ایک مرتبہ میں بخار نہ اترے تو بار بار یہ عمل کریں۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۸۰)

## آنکھیں کبھی نہ دکھیں

مَرْحَبًا بِحَبِيْبِىْ وَقُرَّةِ عَيْنِىْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ

سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، جو شخص مؤذن کو اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہتا سن کر یہ کہے اور اپنے انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگائے تو نہ کبھی وہ اندھا ہو

گا نہ ہی کبھی اس کی آنکھیں دکھیں گی۔(المقاصد الحسنہ ،صفحہ ۳۹۱)

## رات کو نیند نہ آتی ہو

یَا دَلِیۡلَ الۡمُتَحَیِّرِیۡنَ یَا غِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ یَا مُجِیۡبَ الدَّعۡوَاتِ الۡمُضۡطَرِیۡنَ یَا اِلٰهَ الۡعَالَمِیۡنَ بِحَقِّ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝

تین مرتبہ اول آخر آیۃ الکرسی اور درود شریف پڑھیں اور درمیان میں ۳ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یہ عمل ۲۱ دن جاری رکھیں۔

## نیند نہ آنے کا دوسرا نسخہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ

رات کو سوتے وقت سو ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ان کلمات کو بار بار پڑھے انشاء اللہ بہت اچھی نیند آجائے گی۔

## گندے امراض سے نجات

یَا مَالِکُ یَا قُدُّوۡسُ

ہر روز صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد ۱۱، ۱۱ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ لینے سے انشاء اللہ گندے امراض مثلاً بواسیر، ناسور، شرمگاہ یا پردہ کی جگہ کوئی بیماری یا زخم نہ ہوگا۔

## اگر بچہ سوکھتا جائے

یَا قَهَّارُ

آدھا کلو سرسوں کا تیل لے کر سامنے رکھا جائے اور باوضو اور بقبلہ ہو کر ایک ہزار مرتبہ یہ اسمِ مبارک پڑھ کر تیل پر دم کیا جائے وہ تیل صبح و شام اکیس دن اس بچے کے جسم پر مالش کیا جائے کہ جو بچہ شیر خوار نہایت دبلا ہو جیسے اکثر بچوں کو سوکھا لگ جاتا ہے تو انشاء اللہ

جلد تندرست ہو کر توانا ہو جائے گا۔

## بچے کا دودھ چھڑانے کے لئے

### یَا مَتِیۡنُ

اگر بچہ دودھ چھڑانے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو تو ۷ مرتبہ اس نام مبارک کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر بچہ کو پلادیں، انشاء اللہ بچہ کو صبر آجائیگا۔

## ماں کا دودھ کم ہونا

### یَا مَتِیۡنُ

اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو تو نو ۹ مرتبہ اس اسم مبارک کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے گیارہ دن تک یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ دودھ زیادہ ہو جائیگا۔

## اگر حمل ساقط ہو جاتا ہو

### یَا مُبۡدِئُ

اس اسم مبارک کی خاصیّت ہے کہ اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو ۹۰ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر کلمہ کی انگلی کی مدد سے حاملہ کے پیٹ کے گرد ایک گول دائرہ کھینچیں، یہ عمل سات دن جاری رکھیں انشاء اللہ حمل کچّا اور بے موقع ساقط نہ ہو گا۔

## حاملہ عورت کمزور ہو گئی ہو تو

### یَاقَوِیُّ

جس عورت کو حمل برداشت نہ ہوتا ہو یا کمزور ہو جاتی ہو تو ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ حاملہ عورت روزانہ پڑھے انشاء اللہ ایاّمِ حمل نہایت آسانی سے گزریں گے اور طاقت و صحت قائم رہے گی۔

## خونی بواسیر کا علاج

## "یَا عَلِیُّ"

۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں سات دن تک یہ عمل کریں انشاءاللہ سات روز میں خون بند ہو جائیگا اور بواسیر بھی ختم ہو جائے گی۔

## بچہ صاحبِ علم کیسے بنے؟

## "یَا عَلِیْمُ"

۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے چالیس روز تک نہار منہ پلانے سے بچہ صاحبِ علم اور اس کا حافظہ روشن ہوگا۔

## کُند ذہن کا علاج

## یَا اَللّٰہُ

کند ذہن کو روشن ذہن کرنے کے لئے سات روز یا گیارہ روز یا اکیس روز تک صبح نہار منہ تازہ روٹی پکا کر اس پر شہادت کی انگلی سے ۷ مرتبہ یہ اسم مبارک لکھ کر کھلائیں۔

## آنکھوں کی سرخی دور کرنے کے لئے

## یَا عَلِیُّ

۷۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرئے اور جس شخص کی آنکھوں میں سرخی نہ جاتی ہو تو اس دم کیئے ہوئے پانی کو سلائی سے آنکھوں میں لگائے انشاءاللہ تین روز میں سرخی جاتی رہے گی۔

## آنکھ میں پانی اتر آنا

اگر آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہوا ہو تو "یَا بَصِیْرُ" ۱۱۰۰ مرتبہ مریض پڑھے

اوّل آخر ۳ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السَّاجِدِیْنَ سَیِّدِ الرّٰکِعِیْنَ سَیِّدِ الْکَامِلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ**

انشاء اللہ، اللہ عزوجل کے فضل سے چند دنوں میں آنکھوں میں پانی اترنا بند ہو کر شفا حاصل ہو گی اور چاہیئے کہ اس عمل کو جاری رکھے۔

## قولنج (وہ درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے) کا علاج

**یَامُقِیْتُ**

اس اسم مبارک کو ایک سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

## معدہ کے درد سے نجات کیلئے

سورۂ تکویر کی ابتدائی اٹھارہ آیات ۷ مرتبہ پڑھ کر آب زم زم پر دم کرنا (اگر آب زم زم نہ ملے تو سادہ پانی پر دم کریں) اور پھر پانی کو پی لیں درد میں افاقہ ہو گا۔

## آدھے سر کے درد سے نجات کے لئے

سورج نکلنے سے پہلے مریض کے ماتھے پر ۷ مرتبہ شہادت کی انگلی سے

**"یَا جَبَّارُ"**

لکھیں پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر

**"یَاجَبَّارُ یَا سَلَامُ"**

۷، ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ درد سے نجات ملے گی۔

## دردِ سر سے نجات کے لئے

### یَامُجِیۡبُ

مریض کے سر کو داہنے (سیدھے) ہاتھ سے پکڑ کر "یَا مُجِیۡبُ" پہلی مرتبہ ۳ مرتبہ پڑھے دوسری مرتبہ ۵ مرتبہ پڑھے تیسری مرتبہ ۷ مرتبہ چوتھی مرتبہ ۹ مرتبہ اور پانچویں مرتبہ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ درد سے چھٹکارا مل جائے گا۔

## پسلی، کمر اور سر درد سے نجات کیلئے

اگر کسی کو پسلی، کمر، سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ سات مرتبہ "یَااللہُ" شہادت کی انگلی سے لکھے دن میں سات مرتبہ اس عمل کو کرتا رہے انشاءاللہ درد سے نجات ملے گی۔

## سر، آنکھ اور سینے کا درد

### یَامُحۡیِیُ

اگر کسی کے سر، آنکھ اور سینے میں درد ہو تو یہ اسم پاک کو ۱۲۱ مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کرے انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

## آنکھوں کا موتیا

### یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ اَغِثۡنِیۡ وَ اَمۡدُدۡنِیۡ فِیۡ قَضَاءِ حَاجَتِیۡ یَا قَاضِیَ الۡحَاجَاتِ یَاشَافِیَ الۡاَمۡرَاضِ.

سیاہ باریک پسے سرمے پر ان کلمات کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس سرمے کے استعمال سے انشاءاللہ موتیا ختم ہو جائے گا۔

## بھینگے پن کا بہترین علاج

**یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ**

کوئی نیک آدمی بھینگے آدمی کو سامنے بٹھالے اوراس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال لے اور مریض کوتاکید کردیں کہ وہ میری آنکھوں میں دیکھتا رہے گا پھران کلمات کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھے اور آہستہ آہستہ پڑھے اسی طرح ساٹھ دن تک یہ عمل رات کو سونے سے پہلے کرے غیر جنس پر یہ عمل نہ کریں عورت عورت پر کرے اور مرد مرد پر کرے مجرّب المجرب عمل ہے۔

## آنکھوں کا درد دُور کرنے کے لئے

**ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ**

ان اسماء کو۲۱ مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں اوّل وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں چند بار یہ عمل کرنے سے درد ختم ہوجائے گا۔

## آنکھوں میں درداور چبکیں پڑنا

**ھُوَالاَوَّلُ وَالاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالبَاطِنُ**

تیز روشنی دیکھنے یا ویلڈنگ کی وجہ سے آنکھوں میں چبکیں پڑیں اور درد ہوتو عرق گلاب پران کلمات کوانیس (۱۹) مرتبہ پڑھ کردم کرکے آنکھوں میں ڈالیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

## بے ہوشی دور کرنے کے لئے

**یَا جِبْرِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ**

اس عمل کو ۱۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں دم شدہ پانی کے چھینٹے بے ہوش کے چہرے پر ماریں اگر ایک مرتبہ میں آرام نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح کریں مریض ہوش میں آجائے گا۔

## جس کا دل بہت کمزور ہو

### وظیفہ

**یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَ قَلْبِیْ**

**فضیلت :** ہر نماز کے بعد سیدھا ہاتھ دل پر رکھ کر گیارہ مرتبہ اس دعا کو پڑھیں اور پھر سینے پر دم کر لیں انشاءاللہ دل مضبوط ہو گا۔

## گھبراہٹ اور دل کا ڈوبنا

### وظیفہ

**یَاسَلَامُ یَا اَللّٰہُ**

روزانہ دل کی بے سکونی یا گھبراہٹ سے دل ڈوبا جا رہا ہو تو اس اسم مبارک کو ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے انشاءاللہ بے سکونی اور گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔

## لا علاج مرض کا علاج

**صَلَّ اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا اَحْمَدَ مُجْتَبٰی مُحَمَّدِ مُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَذُرِّیَاتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِہٖ اَجْمَعِیْنَ .**

اگر کسی شخص کو کہیں سے بھی شفاء نہ ملے تو روزانہ تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں انشاءاللہ شفاء نصیب ہو گی۔

## ہائی بلڈ پریشر سے نجات

وَشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُورِ

ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو یہ دعا سو۱۰۰ مرتبہ پانی پر دم کر کے اس پانی کو صبح، دوپہر اور شام تین مرتبہ دن میں پلائیں ساٹھ دن تک یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

## جسم میں خون کی کمی ہو تو

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ کَمَا یَنبَغِیُ الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ .

فضیلت : جسم میں خون کی کمی کے لئے اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد ۵ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں چالیس روز تک یہ عمل کریں جسم میں وافر مقدار میں اچھا خون پیدا ہوگا۔

## منہ کی بدبو زائل کرنے کے لئے

ھُوَ الْبَارِئُ لَہُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

اگر کسی کے منہ سے بدبو آتی ہو تو ان کلمات کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر نمک ملے پانی پر دم کر کے غرارہ کرے اس عمل کو صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے دن میں دو مرتبہ کرے انشاء اللہ سات روز میں شفاء نصیب ہوگی۔

## آواز میں ترنُّم پیدا کرنے کے لئے

قاری اور نعت خواں حضرات کے لئے بہترین وظیفہ ہے۔ سونے سے پہلے ایک سو اکیس مرتبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمْ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں انشاء اللہ آواز میں ترنُّم پیدا ہوگا۔

## ہچکی کا علاج

تین سانس میں پانی پیئے ،اور ہر سانس پرے مرتبہ ''یَاحَفِیْظُ '' کہے انشاءاللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

## دمہ (سانس پھولنا) کا علاج

**یَاشَکُوْرُ**

۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلادیں انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

## کسی کے گھر میں اکثر بیماری ہوتو

### وظیفہ

اگر کسی کے گھر میں اکثر بیماری رہتی ہوتو جس گلاس سے سب گھر والے پانی پیتے ہوں اس پر روزانہ ۱۱۱ مرتبہ اللہ، السلام ،الرحمٰن، پڑھ کر دم کریں، اور اس گلاس سے سب کو پانی پلائیں انشاءاللہ گھر سے بیماری ختم ہو جائے گی۔

## ہر بیماری سے محفوظ رہنے کا نسخہ

### وظیفہ

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ**
**وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ط**

فضیلت : تاجدار مدینہ راحت قلب وسینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے گا وہ اس بلا، مصیبت اور بیماری سے محفوظ رہیگا۔ (بخاری شریف)

مثلاً ، فالج ، بلڈ پریشر، ہارڈ اٹیک ، ایڈز، کینسر، شوگر، دیگر حادثات، ہیپاٹائیٹس، وغیرہ، یا کسی بھی بیماری میں مبتلا مریض کو دیکھ کر پڑھنے سے خود پڑھنے والا انشاءاللہ محفوظ و مامون رہے گا۔

## درد اور ہارٹ اٹیک سے نجات کا نسخہ

### وظیفہ

جو شخص سنت کے مطابق سوئے، (یعنی سیدھے کروٹ پر لیٹے اور اپنا سیدھا ہاتھ سیدھے رخسار کے نیچے رکھے، ) اس طرح سونے والے کو کبھی بھی دل کی بیماریاں نہیں ہوں گی۔ اور وہ دل کے درد اور ہارٹ اٹیک سے محفوظ رہے گا۔

## اندھے پن سے محفوظ رہنے کا نسخہ

### وظیفہ

جو شخص حضور سرور دوعالم ﷺ کے نام مبارک پر اپنے انگوٹھوں کو چوم کر آنکھوں سے لگانے کا عادی ہو گا نہ اس کی کبھی آنکھیں دکھیں گی اور نہ وہ کبھی اندھا ہو گا۔

## یرقان کا علاج

### ”یَا حَسِیْبُ“

اس اسمِ مبارک کو تین سو ۳۰۰ بار پانی پر دم کر کے اکیس ۲۱ دن تک مریض کو پلائیں انشاءاللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

## بخار اتارنے کا طریقہ

### وظیفہ

بخار کے مریض کی پشت پر شہادت کی انگلی سے کلمات اذان لکھیں انشاءاللہ فوراً ہی آرام آجائے گا۔

## پاگل پن، کوڑھ، اندھا پن، فالج کا علاج

### وظیفہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ وَ لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ

فضیلت : جو شخص اس دعا کو فجر کی نماز کے بعد تین ۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ مذکورہ چاروں بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

## دانتوں کے درد کا علاج

اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : جس کے دانتوں میں درد ہو تو وہ وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ لہب پڑھے اور تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے اس نے ایسا عمل کیا تو انشاء اللہ اس کے دانت اتنے مضبوط ہو جائیں گے کہ اگر سو سال بھی زندہ رہا تو گنّا کھائے گا۔

## چہرے کی شادابی کیلئے

**یَا اَللّٰہُ ، یَا مُصَوِّرُ ، یَامٰلِکُ**

اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے یا سیاہی مائل ہو جائے تو ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیرے انشاءاللہ شفاء نصیب ہوگی۔

## اگر سر کے بال گرتے ہوں

**یَا اَللّٰہُ ،یَا بَارِئُ ، یَا کَبِیْرُ**

ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر بالوں پر دم کریں۔

## کان کے درد سے نجات کے لئے

**یَاسَمِیْعُ**

جب کسی کے کان میں درد ہو تو روئی پر اس اسم مبارک کو دم کر کے روئی کان میں رکھ لے انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

## کمر کے درد سے چھٹکارے کے لئے

### یَا اَللّٰہُ، یَاحَکِیْمُ

اگرکسی کی کمر میں درد ہوتو پانچوں نمازیں پابندی سے ادا کرے اورظہر کی نماز کے بعد(۱۴۱)مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھیں انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

## جوڑوں اور گھٹنوں کا درد ختم کرنے کے لئے

### یَا مَالِکُ ، یَاقُدُّوْسُ

ہرنماز کے بعد گیارہ گیارہ(۱۱،۱۱)مرتبہ پڑھ کر یَـا حَیُّ (۱۷)مرتبہ پڑھیں درد ختم ہوجائے گا۔

## گیس کی بیماری سے نجات

### یَامُحْیِیُ

جوشخص سات (۷)مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کراپنے سینے پر دم کرے توانشاء اللہ گیس کی بیماری سے نجات پائے گا۔

## ریڑھ کی ہڈی، جوڑوں کے درد سے نجات

### یَاغَنِیُّ

جوشخص چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے اس اسم مبارک کا ورد کرے گاانشاء اللہ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے ریڑھ کی ہڈی، گھٹنوں، جوڑوں کے درد کے نجات عطافرمائے گا۔

## بھوک کی زیادتی کا علاج

### یَا صَمَدُ

تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ اسم مبارک کو پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائیں انشاء اللہ بھوک کی زیادتی کم ہو جائے گی۔

## ڈراؤنے خوابوں سے نجات

**یَا مُتَکَبِّرُ**

21 بار اول آخر ایک ایک بار درود شریف سوتے وقت پڑھ لیں انشاء اللہ عزوجل ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے۔ (فیضان سنت باب آداب طعام، جلد ۱، صفحہ ۲۴۲)

## برائے قوت حافظہ

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے قبل ذیل میں دی ہوئی دعا (اول آخر درود پاک) پڑھ لیجئے انشاء اللہ عزوجل جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا:

**اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام**

ترجمہ: ''اے اللہ عزوجل! ہم پر علم و حکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رحمت نچھاور فرما! اے عظمت اور بزرگی والے!

(المستطرف، جلد۱، صفحہ ۴۰، دار الفکر بیروت)

## ذہن کھولنے کے لیے

ہر روز سبق سے پہلے اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر سبق شروع کریں

**اِلٰھِیْ اَنْتَ اِلٰہٌ عَالِمٌ وَّاَنَا عَبْدُکَ جَاھِلٌ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ عِلْمًا نَّافِعًا وَّفَھْمًا کَامِلًا وَّطَبْعًا زَکِیًّا وَّقَلْبًا صَفِیًّا حَتّٰی اَعْبُدَکَ وَلَا تُھْلِکْنِیْ بِالْجَھَالَۃِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ**

## وسعتِ رزق

### یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابُ

پانچ سو(۵۰۰) بار اول آخر درود شریف (۱۱،۱۱) بار بعد نماز عشاء قبلہ رو با وضو ننگے سر ایسی جگہ کہ سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو یہاں تک کہ سر پر ٹوپی بھی نہ ہو پڑھا کریں۔

## ہر حاجت و مراد پوری ہوگی

### یَا شَیْخُ عَبْدُالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ

ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف **10,10** بار پڑھ کر داہنے ہاتھ پر دم کر کے زیر کلہ (رخسار) رکھ کر سو جائے ہر حاجت و مراد پوری ہوگی۔ انشاء اللہ عزوجل۔

## برف باری روکنے کے لیے

لوہے کے توے پر سیاہی کی طرف (یعنی توے کی الٹی طرف) اس دعا کو انگلی سے لکھ کر آسمان کے نیچے رکھے انشاء اللہ عزوجل برف باری بند ہو جائے گی یَا حَافِظُ یَا خَافِضُ.

## غائب یا بھاگے ہوئے شخص کو بلانے کے لیے

(۱) کسی بزرگ کے مزار کے پاس اور یہ ممکن نہ ہو تو مکان کے گوشہ میں بیٹھ کر آیت:

### وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی ○ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ○

نو سو نوے بار پڑھے پھر ایک پوری سورۂ والضحیٰ پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ عزوجل وہ واپس آجائے گا۔

(۲) بعد نماز عشاء اکتالیس (۴۱) بار سورۂ والضحیٰ مع بسم اللہ شریف کے پڑھ کر کھڑے ہو کر مکان کے دو گوشوں میں اذان اور دو گوشوں میں تکبیر کہہ کر واپسی کے لیے دعا کرے ایک

ہفتہ کے اندر انشاء اللہ عزوجل واپس آجائے گا۔

## زہر کا اثر نہ ہو

**بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ**

ہمیشہ یہ دعا پڑھ کر کھانا کھائیں اور پانی وغیرہ پئیں تو انشاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر دور ہو جائے گا اور زہر کوئی نقصان نہیں دے گا۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۷۹)

## ظالم اور شیطان کے شر سے پناہ کے لیے

محقق علی الاطلاق حضرت سیدنا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ الغنی اپنے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

سیدنا امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ "**جمع الجوامع**" میں محدث ابوالشیخ کی کتاب الثواب اور تاریخ ابن عساکر سے نقل کرتے ہیں کہ ایک روز حجاج بن یوسف ثقفی ظالم گورنر نے حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مختلف اقسام کے **400** گھوڑے دکھا کر کہا کہ اے انس! کیا تم نے اپنے صاحب (یعنی رسول اللہ ﷺ) کے پاس بھی اتنے گھوڑے اور یہ شان شوکت دیکھی ہے۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم! میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس اس سے بہتر چیزیں دیکھی ہیں اور میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا ہے کہ گھوڑے تین طرح کے ہیں، ایک وہ گھوڑا جو جہاد کے لیے رکھا جائے پھر اس کے رکھنے کا ثواب بیان فرمایا (یہ عام طور پر حدیث کی کتابوں میں موجود ہے) دوسرا وہ گھوڑا جو اپنی سواری کے لیے رکھا جاتا ہے، تیسرا وہ گھوڑا جو نام ونمود

کے لیے رکھا جاتا ہے اس کے رکھنے سے آدمی جہنم میں جائے گا۔اے حجاج! تیرے گھوڑے ایسے ہی ہیں۔

حجاج یہ سن کر آگ بگولا ہو گیا اور کہا کہ اے انس! اگر مجھ کو اس کا لحاظ نہ ہوتا کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت کی ہے اور امیر المومنین (عبدالملک بن مروان) نے تمہارے ساتھ رعایت کرنے کی ہدایت کی ہے تو میں تمہارے ساتھ بہت برا معاملہ کرڈالتا۔حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے حجاج! خدا کی قسم! تو میرے ساتھ کوئی بدعنوانی نہیں کرسکتا میں نے رسول اللہ ﷺ سے چند کلمات سنے ہیں جن کی برکت سے میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہتا ہوں اور ان کلمات کی بدولت کسی ظالم کی سختی اور کسی شیطان کے شر سے ڈرتا ہی نہیں، حجاج اس کلام کی ہیبت سے دم بخود رہ گیا اور سر جھکا لیا، تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھا کر بولا کہ اے ابوحمزہ! (یہ حضرت سیدنا انس کی کنیت ہے) یہ کلمات مجھے بتا دیجئے۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں ہرگز تجھے نہ بتاؤں گا اس لیے کہ تو اس کا اہل نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا آخری وقت آ گیا تو ان کے خادم حضرت سیدنا ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے سرہانے آ کر رونے لگے، حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کیا چاہتا ہے؟ حضرت سیدنا ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: وہ کلمات ہمیں تعلیم فرمایئے جن کے بتانے کی حجاج نے درخواست کی تھی اور آپ نے انکار فرما دیا تھا۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: لو سیکھ لو ان کو صبح و شام پڑھنا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

## دعائے سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفۡسِیۡ وَ دِیۡنِیۡ بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھۡلِیۡ وَمَالِیۡ

وَوَلَدِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَا اَعْطَانِیَ اللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَآءُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ.

اس دعا کو تین (۳) مرتبہ صبح کو تین (۳) مرتبہ شام کو پڑھنا بزرگوں کا معمول ہے۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۸۳، اخبار الاخبار صفحہ ۲۹۲)

صبح وشام کی تعریف: آدھی رات کے بعد سے لے کر سورج کی پہلی کرن چمکنے تک صبح (اس سارے وقفے میں جو کچھ پڑھا جائے اسے صبح میں پڑھنا کہیں گے) اور ابتداءِ وقتِ ظہر سے غروبِ آفتاب تک شام کہلاتی ہے۔ (اس سارے وقفہ میں جو کچھ پڑھا جائے اسے شام میں پڑھنا کہیں گے)

## قوتِ حافظہ کے لیے

پانچوں نمازوں کے بعد سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر گیارہ ۱۱ مرتبہ یَا قَوِیُّ پڑھیں۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۵)

## قرضہ اتارنے کا وظیفہ

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

ترجمہ: ''یا اللہ عزوجل مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل وکرم سے اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کردے''۔ تا حصول مراد ہر نماز کے بعد 11,11 بار اور صبح وشام سوسو (۱۰۰، ۱۰۰) بار روزانہ (اول وآخر ایک ایک بار درود شریف) پڑھیے۔

مروی ہے کہ ایک مکاتب (مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں جس نے اپنے آقا سے مال کی ادائیگی کے بدلے آزادی کا معاہدہ کیا ہوا ہو)۔ (مختصر القدوری، صفحہ ۱۷۱) نے حضرت مشکل کشا، علی المرتضی شیر خدا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی بارگاہ میں عرض کی: میں اپنی کتابت (یعنی آزادی کی قیمت) ادا کرنے سے عاجز ہوں میری مدد فرمایئے۔ آپ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا: میں تمہیں چند کلمات نہ سکھاؤں جو رسول اللہ عزوجل ﷺ نے مجھے سکھائے ہیں، اگر تم پر جبل صیر (صیر ایک پہاڑ کا نام ہے النہایہ، جلد ۳، صفحہ ۱۶) جتنا دین (یعنی قرض) ہوگا تو اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے ادا کردے گا تم یوں کہا کرو:

**اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ**
**وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ**

(سنن الترمذی، جلد۵، صفحہ ۳۲۹، حدیث ۳۵۷۴)

## حلال روزی کمانے، روزی میں برکت محتاجی دور کرنے اور فقر وفاقہ سے نجات کے وظائف

(۱) صبح طلوع فجر کے وقت (۱۰۰) مرتبہ

**'' سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ''.**

(۲) نماز فجر اور تمام نمازوں کے سلام پھیرنے کے بعد (۱۰) بار کلمۂ طیبہ اور

(۱۰) بار'' یَا بَاسِطُ '' (اے کشادگی دینے والے)

(۳) نماز فجر کے بعد (۵۰۰) مرتبہ'' یَاحَيُّ یَا قَيُّوْمُ '' (اے زندہ، اے ہمیشہ رہنے والے)

(۴) جو شخص جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد توجّہ کے ساتھ (۷۰) مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے تو تنگدستی وغربت سے نجات ملے۔ '' اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللّٰهُ ''

(۵) روزانہ کسی بھی نماز کے بعد (۵۰۰) مرتبہ '' سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ '' پڑھیں تو انشاء اللہ عزوجل روزی کے دروازے کھلیں گے۔

(۶) حضرت امام ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں! کہ سورۃ الفلق کثرت سے پڑھنے والے پر روزی بارش کے قطروں کی طرح برستی ہے۔

(۷) صبح وشام (۴۱، ۴۱) مرتبہ سورۃ الفلق کا ورد کریں۔

(۸) فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ '' یَـاغَـنِیُّ ، یَامُغْنِیُّ '' پڑھیں۔

(۹) مغرب کے بعد سورۃ الواقعۃ کی تلاوت کا معمول بنائیں اور قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

(۱۰) جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد (۱۲۱) مرتبہ '' یَـا مَـلِـکُ '' پڑھے گا، انشاء اللہ وسعت رزق کا نظارہ کرے گا۔

(۱۱) روزانہ بعد نماز فجر اور عصر (۱۰۰) مرتبہ سورۃ الکوثر کی تلاوت سے رزق کے ذرائع نصیب ہوتے ہیں اور خوشحالی ملتی ہے۔

(۱۲) روزانہ نماز چاشت کے دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں جا کر ۱۰۰ مرتبہ '' یَا وَهَّابُ '' کا ورد کریں۔

(۱۳) روزانہ (۱۰۰) مرتبہ ہر نماز کے بعد " یااَللّٰہُ ، یَا رَزَّاقُ" کاورد کریں۔

(۱۴) فجر کے بعد (۷۲) مرتبہ " یَا بَاسِطُ " پڑھیں۔

(۱۵) روزی کی تنگی دور کرنے کے لئے سورۃ الماعون (۴۰) دن تک ۴۰ یا ۱۱ بار پڑھیں۔

(۱۶) روزانہ مغرب کی نماز کے بعد " یَا بَاسِطُ ، یَارَزَّاقُ " (۳۴۱) بار ورد کریں۔

(۱۷) سورۃ الکہف، گیارہ روز متواتر پڑھنے سے غربت کا خاتمہ اور فراخیِ رزق کا سبب بن جائے گا۔

(۱۸) شروع چاند میں یہ وظیفہ پڑھنا شروع کریں، " یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزَقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ " ہر روز بعد نماز عشاء ۷۲ مرتبہ پڑھیں، اور اول آخر درود شریف گیارہ بار انشاء اللہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا، غیب سے روزی ملے گی۔

(۱۹) بعد نماز فجر "نادِعلی" (۹۱) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

(۲۰) "درود تاج" ہر نماز کے بعد (۷) مرتبہ اور بعد نماز عشاء (۱۰۱) بار حضور قلب سے پڑھے ۳ دن ایسا ہی کرے اگر کچھ نہ ہوتو چوتھے روز بعد نماز فجر سے پڑھنا شروع کردے اور جب تک پڑھے کہ کوئی آکر اس کو خوشخبری نہ دے۔

(۲۱) بعد نماز صبح " یَامَلِکُ" بکثرت پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ غنی فرما دیتا ہے۔

(۲۲) "یَاعَزِیْزُ" چالیس دن تک (۴۰) مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ اسے معزّز اور مستغنی بنا دے گا۔ اور وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

(۲۳) "یَاوَھَّابُ" کا بکثرت ورد کرے، یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ

میں (۴۰) مرتبہ پڑھے تو فقر و فاقہ دور ہوگا۔

(۲۴) "یَا بَاسِطُ" چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر روزانہ دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیر لے تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔

(۲۵) "یَالَطِیْفُ" (۱۳۳) مرتبہ پڑھیں رزق میں برکت ہوگی۔

(۲۶) "یَا غَفُوْرُ" کا بکثرت ورد کرنے سے مال واولاد میں برکت ہوگی۔

(۲۷) "یَاشَکُوْرُ" کو روزانہ (۴۱) مرتبہ پڑھیں تو معاشی تنگی سے نجات ملے گی۔

(۲۸) "یَـاوَاسِعُ" کا بکثرت ورد کرنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ غناء ظاہری و باطنی کے در کشادہ فرمادے گا۔

## قرض سے متعلق احادیث مبارکہ

(۱) سرکار ﷺ نے ارشاد فرمایا! ہر قرض صدقہ ہے۔ (الترغیب والترھیب)

(۲) سرکار ﷺ نے ارشاد فرمایا! جو مسلمان کسی مسلمان کو ایک بار قرض دے گا تو اسے اتنا ثواب ملے گا گویا اس نے دو مرتبہ اتنی رقم اللہ کی راہ میں دی۔

(ابن ماجہ)

(۳) مالدار قرضدار (جو قرض ادا کرنے کی طاقت رکھتا ہے) کا قرضہ ادا کرنے میں ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔ (بخاری ومسلم)

## قرض کی وصولی اور ادائیگی

(۱) اذان فجر سے (۴۵) منٹ پہلے اٹھیں نماز تہجد کے بعد یہ ورد مسلسل کرتے رہیں۔

"یَـا اَلـلّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ بَلٰیٰ وَاللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُ اَلـلّٰهُ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اقْضِ عَنِّیَ الدَّیْنَ وَ رَزِّقْنِیْ بَعْدَ الدَّیْنِ

ترجمہ: اے اللہ اے اللہ اے اللہ تو ہی اللہ ہے کیوں نہیں اللہ! تو ہی اللہ ہے کوئی معبود

نہیں اللہ کے سوا مجھ سے میرا قرض اتار دے اوراس کے بعد مجھے رزق عطا فرما۔

(۲) نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس (۱۰) مرتبہ "یَا رَزَّاقُ" (اے رزق عطا کرنے والے) پڑھ کردم کریں۔

(۳) لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوا تیرے پاکی ہے تجھ کو بیشک مجھ سے بے جا ہوا۔ (سورۃ الانبیاء آیت ۸۷) بعد عشاء (۳۰۰) بار تنہا کمرے میں بیٹھ کر پڑھیں اور دعا مانگیں۔

(۴) قرضہ سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ الماعون (۴۰) دن تک ۴۰ یا ۱۱ بار پڑھیں۔

(۵) قرض سے نجات کے لئے سورۃ القریش (۲۱) مرتبہ روزانہ تلاوت کریں۔

(۶) روزانہ مغرب کی نماز کے بعد "یَا بَاسِطُ ، یَارَزَّاقُ" (۳۴۱) بار ورد کریں۔

(۷) روزانہ عشاء کی نماز کے بعد (۵۰۰) بار "یَا مُسَبِّبَ الاَسْبَابُ" پڑھ کر دعا کریں۔

(۸) (۱۴۱) بار "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور یَا وَلِیُّ،یَا جَلِیْلُ ، یَا قَدِیْرُ" (۱۴۱) بار درود شریف پڑھ کر ایک پاؤ باجرہ پر دم کر کے اپنے سر سے سات مرتبہ گھما کر کسی ویرانے یا قبرستان میں ڈال دیں اور کبھی کبھی کرتے رہا کریں، انشاء اللہ غیبی مدد حاصل ہوگی۔

(۹) سورۃ الکھف بعد نماز جمعہ مسجد میں بیٹھ کر ایک مرتبہ خلوص دل سے پڑھیں جب تک قرض نہ اترے ہر جمعہ جاری رکھیں۔

(۱۰) "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ" (۱۰۰) مرتبہ روزانہ اوّل آخر ۱۱ بار درود پاک۔

(۱۱) جو کوئی وتر کے بعد روزانہ کھڑے ہو کر دو نفل پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ال عمران کی آیت نمبر ۲۶ اور ۲۷ پڑھ لیا کرے کبھی مقروض نہ ہوگا۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۴۱۷)

(۱۲) مفسر شہیر حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ الحنّان فرماتے ہیں: جو کوئی ایسا مقروض ہو کہ ادائے قرض کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو وہ وتر کے بعد دو رکعت نفل کھڑے ہو کر پڑھا کرے ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ال عمران کی آیت نمبر ۲۶ اور ۲۷ پانچ (۵) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ عزوجل اس کا قرض بہت جلد اُتر جائے گا۔ الحمد للہ میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔ (ایضاً)

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ O تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ O

(۱۳) اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ. ترجمہ: یا اللہ مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔ روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھیں اگر قرضہ پہاڑ برابر بھی ہو تو اتر جائے گا۔ (جامع ترمذی، ج ۲ ص ۶۴۶)

# امراض سے شفاء کے وظائف

## احادیث مبارکہ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا!

(۱) مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ دآءً اِلَّا اَنْزَلَ لَہٗ دَوَاءً ۔ ترجمہ: اللہ نے کوئی بیماری ایسی پیدا نہیں فرمائی جس کی دوا نازل نہ فرمائی ہو۔ (ابن ماجہ، ج ۲ ص ۳۴۰)

(۲) فَاِنَّ فِی الصَّلٰوۃِ شِفَاءٌ ۔ بے شک نماز میں شفاء ہے۔ (ابن ماجہ، ج ۲ ص ۳۴۶)

(۳) خَیْرُ الدَّوَآءِ الْقُرْاٰنُ ۔ بہترین دوا قرآن ہے۔ (ایضاً)

(۴) اِنَّ فِی الْحَبَّۃِ السَّوْدَآءِ شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دآءٍ اِلَّا السَّامُ ۔ کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری کی شفاء ہے۔

## (ہر طرح کی جسمانی بیماریوں کے لئے وظائف)

(۱) ہر نماز کے بعد (۱۱۱) بار ''یَا سَلَامُ'' (اے سلامتی دینے والے)

(۲) ہر مرض کیلئے روزانہ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان (۴۱) مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور ہر نماز کے بعد سات (۷) بار سورۃ الفاتحہ شریف پڑھیں۔

(۳) دن بھر میں دو (۲) مرتبہ فجر اور عصر کی نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ''

(۴) روزانہ کسی بھی وقت زم زم شریف پر ورنہ سادہ پانی پر (۱۱۱) بار '' اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ'' اور (۱۴۱) بار '' یَا شَافِیُ'' پڑھ کر دم کریں اور سارا دن وہی پانی استعمال کریں۔

(۵) روزانہ (۳۴۱) مرتبہ ''وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ'' ترجمہ: اور حق

کے ساتھ ہی ہم نے اس قرآن کو اتارا ہے، اور حق ہی کے ساتھ وہ اترا ہے۔ (بنی اسرائیل آیت ۱۰۵) پڑھیں۔

(۶) روزانہ ۴۰ مرتبہ "وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ " ترجمہ: اور ہم نے قرآن میں وہ چیز نازل فرمارہے ہیں جو ایمان والوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے۔ (بنی اسرائیل آیت ۸۲) پڑھنے کا معمول بنائیں۔

(۷) روزانہ (۱۰۰۱) مرتبہ " یَا شَافِیُ ، یَا کَافِیُ "کا ورد کریں۔

(۸) بخار اور درد سر کے لئے روزانہ ۱۰۰ مرتبہ "یَا غَفُوْرُ " کا ورد کریں اول آخر ۱۱، ۱۱ بار درود پاک پڑھیں۔

(۹) روزانہ (۳۰۰۰) مرتبہ " یَا حَیُّ " کا ورد موجب شفاء ہے۔

(۱۰) کلونجی پر ۷ بار سورۃ الفاتحہ دم کر کے پھانک لیں انشاء اللہ ہر مرض سے محفوظ رہیں گے۔

(۱۱) " یَا اَللّٰہُ " کا بکثرت ورد کریں شفاء نصیب ہوگی۔

(۱۲) " اَلسَّلَامُ " (۱۱۵) مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کریں۔

(۱۳) کسی بھی موذی مرض جذام ، آتشک وغیرہ میں مبتلا ہوں تو چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کا روزہ رکھیں افطار کے بعد پانی پر " یَا مَجِیْدُ "بکثرت پڑھ کر دم کر کے پی لیں۔

(۱۴) " یَامُحْیُ " بکثرت پڑھنے والا صحت یاب ہو جائے گا۔

## رشتہ ہونے کیلئے وظائف

(۱) روزانہ بعد نماز عشاء (۴۱) بار سورۃ الاخلاص (۹۰) دن تک پڑھیں۔

(۲) روزانہ مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نوافل ادا کریں اور (۱۴۱) بار "یَا عَدْلُ" پڑھیں، (۴۰) دن تک عمل کریں۔

(۳) روزانہ چاشت کی نماز کے بعد (۱۲۹) مرتبہ "یَا لَطِیْفُ" پڑھیں اور دعا کریں۔

(۴) روزانہ (۵۰۰) مرتبہ "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" پڑھ کر دعا کریں۔

(۵) بچیوں کے نصیب کھولنے کے لئے ہر نماز کے بعد "یَا لَطِیْفُ یَا حَلِیْمُ" (۳۴۱) بار ورد کریں۔

(۶) "اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحاً مُّبِیْناً (الفتح آیت ۱)"، روزانہ فجر یا کسی بھی نماز کے بعد حضور قلب سے (۴۱) مرتبہ اس آیت مبارکہ کا ورد کرنے سے اچھی جگہ رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے۔

(۷) روزانہ "یَا وَهَّابُ ،یَا کَرِیْمُ" (۵۴۱) مرتبہ پڑھیں۔

(۸) اگر کوئی اچھا رشتہ آئے تو صلوۃ الشکر ادا کر کے (۱۴۱) مرتبہ "یَا شَکُوْرُ" کا ورد کریں۔

(۹) روزانہ بعد نماز عشاء (۱۰۰) مرتبہ "یَا لَطِیْفُ"، پڑھیں۔ جلد رشتہ آجائے گا۔

## اولاد کے حصول کیلئے وظائف

(۱) ہر نماز کے بعد ۱۴۱ بار "یَا بَرُّ ، یَا بَدِیْعُ" کا ورد کرنے سے انشاءاللہ بیٹا پیدا ہوگا۔

(۲) روزانہ ہر نماز کے بعد (۱۴۱) بار رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۔ ترجمہ: اے میرے رب تو مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے۔ (سورۃ الانبیاء آیت ۸۹) پڑھیں اور دودھ پر دم کر کے دونوں

میں میاں بیوی پئیں۔

(۳) چالیس دن تک روزانہ کسی بھی وقت (۱۰۰۰) مرتبہ "یَـا اَوّلُ " کا ورد کرنے والوں کو اولادِ نرینہ نصیب ہو۔

(۴) "یَـا مُتَکَبِّرُ" روزانہ (۳۴۱) مرتبہ پڑھنے والے کو متقی اور نیک اولاد نصیب ہوگی۔

(۵) روزانہ (۱۲۹۱) مرتبہ کسی بھی وقت "یَـاخَالِقُ ، یَا بَارِئُ ، یَا مُصَوِّرُ " پڑھنے سے اولاد نصیب ہوگی۔

(۶) "یَا وَارِثُ" (۵۰۰) بار پڑھ کر دعا کریں۔

(۷) (۱۰۰) مرتبہ روزانہ سورۃ الاخلاص کا ورد، دیگر فوائد کے ساتھ صاحب اولاد حاصل ہو،اور (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے مراد جلد حاصل ہو۔

(۸) " اَللّٰہُ الصَّمَدُ " کا سوالاکھ ختم بھی مقاصد پورا کرتا ہے۔

(۹) بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے اور پانی سے افطار کرکے روزانہ ۲۱ مرتبہ "اَلْبَارِئُ ، اَلْمُصَوِّرُ " پڑھے اولاد نصیب ہوگی۔

(۱۰) بےاولاد " اَلْـوَاحِـدُ الْاَحَـدُ "لکھ کر اپنے پاس رکھے تو صاحب اولاد ہو جائے۔

## دشمنوں کے شر سے حفاظت اور ہر آفت ونقصان سے بچاؤ

(۱) کسی بھی قسم کے دشمن یا خطرناک حالات میں (۳۶۰) مرتبہ روزانہ " یامُؤْمِنُ " کا ورد کریں۔

(۲) سجدہ میں (مکروہ وقت کے علاوہ) یا نماز سے فارغ ہوکر (۷۵) مرتبہ "یامُذِلُّ" کا ورد کریں۔

(۳) دو رکعت صلوٰۃ الحاجت کے بعد" فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظاً وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ " ترجمہ: تو اللہ ہی بہتر حفاظت فرمانے والا ہے اور وہی سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ (سورۂ یوسف، آیت ۶۴) سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

(۴) حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا! جو شخص روزانہ یہ کلمہ پڑھ لیا کرے وہ سوائے موت کے اپنے اہل عیال میں اور مال و دولت میں آفت نہ دیکھے گا۔" مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ " روزانہ (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔

(۵) دشمنی کو دوستی میں تبدیل کرنے کے لئے مسلسل (۳) جمعہ تک یہ وظیفہ پڑھیں۔" یَامُنْتَقِمُ " (۱۴۱) بار۔

(۶) " یَاقَادِرُ " ۱۰۰ بار پڑھیں۔

(۷) اِنَّ وَلِیِّ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ۔ (سورۃ الاعراف، آیت ۱۹۶) جو شخص یہ آیت مبارکہ صبح و شام پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے، تعداد مقرر نہیں۔ (تفسیر نعیمی)

(۸) " اَلْمُؤْمِنُ " کا (۶۳۰) مرتبہ ورد کرنے والا ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا امان میں رہے گا۔

(۹) " حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ " جمعرات سے شروع کر کے آٹھ یوم تک صبح و شام ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں۔ ہر شر سے محفوظ رہیں گے۔

## ہر آفت اور تنگئ رزق کو دور کرنے کے لئے

حضرت خضر علیہ السلام نے ایک بزرگ رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں آکر یہ دعاء تلقین فرمائی کہ یہ لفظ تین مرتبہ کہو:

**يَا لَطِيُفاً بِخَلُقِهٖ، يَاعَلِيُماً بِخَلُقِهٖ ،يَا خَبِيُراً بِخَلُقِهٖ ،اُلُطُفُ بِیُ يَالَطِيُفُ يَاعَلِيُمُ يَاخَبِيُرُ**

اے اپنی مخلوق پر مہربانی فرمانے والے، اے اپنی مخلوق کے حال کو جاننے والے، اے اپنی مخلوق کی ضروریات سے باخبر، تو مجھ پر لطف و مہربانی فرما۔ اے لطیف، اے علیم اے خبیر

پھر فرمایا یہ ایک تحفہ ہے جو ہمیشہ کام آنے والا ہے۔ جب تجھے کوئی تنگی پیش آئے یا کوئی آفت نازل ہوتو ان کو پڑھ لیا کروتو تنگی رفع ہو جائے گی۔

## ترقی کے لئے

(۱) سورۂ الم نشرح (۱۷) مرتبہ پڑھنے سے ترقی درجات حاصل ہوتے ہیں، خواہ دینی ہوں یا دنیاوی۔

(۲) " یَا نَافِعُ " روزانہ (۲۰) بار پڑھیں اور (۱۴۱) بار پڑھنے سے زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔

(۳) دینی اور دنیاوی مشکلات ختم کرنے اور ترقی کے لئے (۱۴۱) بار " یَا مَالِکَ الْمُلْکِ " عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں۔

(۴) ۴۰ دن تک روزانہ " یَا مُقَدِّمُ" (۳۴۱) بار پڑھیں۔

(۵) روزانہ ۵۰۰ بار " یَاعَلِیُّ یَاعَظِیُمُ "کا ورد بھی موجب ترقی درجات ہے۔

(۶) کثرت کے ساتھ درود وسلام پڑھنا بھی ترقی دنیا اور آخرت کا باعث ہے۔

(۷) روزانہ (۵۰۰) بار " یَا خَافِضُ " پڑھنے سے حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

(۸) اللہ کا قرب ، روزی میں کشادگی ، ترقی درجات اور شفاء کے لئے (۳۴۱) بار روزانہ " یَارَافِعُ " کا ورد کریں۔

# گمشدہ شخص یا چیز کی واپسی کے وظائف

(۱)" یَـا مُبْدِئُ ، یَـا مُعِیْدُ "۷ دن تک روزانہ (۷۰) مرتبہ گھر کے چاروں طرف پڑھیں۔ انشاءاللہ وہ شخص سات روز میں صحیح سلامت واپس مل جائیگا۔

(۲) روزانہ ۱۴۱ مرتبہ " یَااَللّٰہُ ، یَارَقِیْبُ " پڑھ کر اپنے گھر کے دروازے پر انگلی سے اشارہ کریں۔

(۳) روزانہ (۵۰۰) مرتبہ " یَاجَامِعُ " پڑھیں۔

(۴) روزانہ رات سوتے وقت (۵۱) مرتبہ پڑھیں۔"اِنَّـا لِلّٰـهِ وَاِنَّـا اِلَيْـهِ رَاجِعُوْنَ "ترجمہ: بے شک ہم اللہ کے لئے ہی ہیں، اور ہم بھی اسی کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں۔ (سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۶)

(۵) قید سے نجات کے لئے اور گمشدہ کیلئے" یَـا حَقُّ "(۱۰۰) مرتبہ یا (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں اور اس کے ساتھ ۱۰۰ مرتبہ"لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ" بھی پڑھیں دیگر فوائد بھی ملیں گے۔

(۶) سورۃ الضحیٰ (۴۱) بار روزانہ ۳، ۷، یا ۱۱ دن تک پڑھیں۔

(۷) گمشدہ بچہ کے لئے (۵۰۰۰) بار " یَاخَالِقُ "پڑھیں۔

(۸)" اَللّٰهُـمَّ رُدَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ (لڑکے کا نام مع والدہ کے نام) بِـخَیْرِ حُرْمَةِ اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ ۔(۱۹۳) بار روزانہ اول آخر، ۱۱ مرتبہ درود شریف بعد نماز عشاء والدین پڑھیں۔

## گمشدہ بچہ واپس بُلانے کا مجرّب وظیفہ

(۹) بیٹے کو واپس بلانے کے لئے" اَللّٰهُـمَّ رُدَّ اِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَةِ فَرَجَعْنٰکَ اِلٰٓی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ.

یہ عمل سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے پڑھا تھا جب کہ آپ کئی سال کے لئے والدہ سے بچھڑ گئے تھے، بہتر ہے کہ ماں اس عمل کو پڑھے۔

(۱۰)" یَا حَفِیْظُ" (۱۱۹) بار پڑھے، اوراسی تعداد میں "یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ ط" (سورۂ لقمان، آیت ۱۶) ۳ روز، ۷ روز، ۲۱ روز متواتر پڑھیں، انشاءاللہ چوری کیا ہوا مال مل جائے گا۔

(۱۱) چوکور کاغذ کے چاروں کونوں پر " اَلْحَقُّ " لکھے پھر سحر کے وقت کاغذ ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کرے اور دعا کرے تو انشاءاللہ عزوجل گم شدہ شخص یا سامان محفوظ مل جائے گا۔

## جادو، جنّات سے نجات حاصل کرنے کے وظائف

(۱)"سورۃ الناس"(۲۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

(۲)"آیۃ الکرسی" ۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اور آخری آیت "وَلَا یَـــئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا" (سورۃ البقرۃ، آیت، ۲۵۵) جب آئے تو اس کو ہر مرتبہ گیارہ بار پڑھیں، پانی پر دم کر کے پییں ۴۱ دن تک عمل جاری رکھیں۔

(۳)"سورۂ فاتحہ" ۳ مرتبہ، سورۃ الناس ۳ بار، سورۃ الفلق ۳ بار، سورۃ الاخلاص ۳ بار، سورۃ الکافرون ۳ بار، "وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ" (سورۂ یٰسٓ، آیت ۹) ۳ بار، یہ عمل روزانہ ایک مرتبہ کریں۔ اور دم کر کے پانی پی لیں۔

## جائز حاجات پوری ہونے کے وظائف

(۱) جو پانچوں نمازوں کے بعد سورۃ الفاتحہ آیۃ الکرسی اور ال عمران کی آیت نمبر ۱۸، ۲۶، ۲۷ پڑھ لیا کرے اس کے تمام گناہوں کی بخشش ہو۔ جنت الفردوس

میں داخلہ ملے۔ اللہ عزوجل اس پر روزانہ ستر بار نظر رحمت فرمائے اور اس کی ستّر حاجتیں پوری کرے۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۳۷۵، ۳۷۶، درمنثور ج ۲ ص ۱۶۵، ماخوذاً)

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ O تُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ O

(۲) خاص حاجت در پیش ہو تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ ''یَاوَهَّابُ'' پڑھے حاجت انشاءاللہ ضرور پوری ہوگی۔

(۳) پارہ ۱۲ سورۂ یوسف کی آیت ۶۸ فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعاء مانگے انشاءاللہ ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے:

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِیْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِیْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا ؕ وَ اِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ O ع

# اسماء الحسنٰی سے مسائل کا حل

# اسماء الحسنٰی کے ورد کے خواص

## روزی میں وسعت کیلئے

**یَابَاسِطُ یَامُنْعِمُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## خیر و برکت کیلئے

**یَامُعْطِیُ یَاشَکُوْرُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## محتاجی سے بچنے کیلئے

**یَاعَزِیْزُ یَامُغْنِیُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حصول عزت کیلئے

**یَاجَلِیْلُ یَاکَرِیْمُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## ہر دلعزیز ہونے کیلئے

**یَامُعِزُّ یَارَافِعُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## تندرستی کیلئے

**یَاعَظِیْمُ یَاحَیُّ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## مخلوق سے بے نیازی کیلئے

**یَاوَھَّابُ یَاوَاسِعُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## عبادت کے شوق کیلئے

**یَامُحْصِیُ یَاقُدُّوسُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## گناہوں سے چھٹکارے کیلئے

**یَآاٰخِرُ یَاھَادِیُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## صفائی قلب کیلئے

**یَابَاعِثُ یَانُوُرُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## ظاہروباطن کی صفائی کیلئے

**یَامُھَیمِنُ یَاحَسِیُبُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## جان ومال کی حفاظت کیلئے

**یَامُؤْمِنُ یَانَافِعُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## دشمن کو کچلنے کیلئے

**یَاخَافِضُ یَاقَادِرُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## لڑکیوں کی شادی کیلئے

**یَالَطِیْفُ یَاحَلِیْمُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حصولِ اولاد کیلئے

**یَامُتَکَبِّرُ یَاوَاحِدُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## اولادِ نرینہ کیلئے

**یَابَرُّ یَا بَدِیْعُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## بانجھ عورت کے حمل کیلئے

**یَامُصَوِّرُ یَاخَالِقُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حفاظتِ حمل کیلئے

**یَامُبْدِئُ یَاسَلَامُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## میاں بیوی میں محبت کیلئے

**یَاوَدُوْدُ یَاکَبِیْرُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## گمشدہ کیلئے

**یَاجَامِعُ یَامُعِیْدُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## بلاؤں سے نجات کیلئے

**یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## جادو آسیب، جنّات سے تحفظ کیلئے

**یَا حَفِیْظُ یَارَقِیْبُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## مکان، دکان، دفتر، کی حفاظت کیلئے

**یَارَزَّاقُ یَاحَبِیْبُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## علم کی زیادتی کیلئے

**یَاحَکِیْمُ یَابَاعِثُ**

ہرنماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## دعا کی قبولیت کیلئے

**یَاسَمِیْعُ یَامُجِیْبُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## خاتمہ بالخیر کیلئے

**یَامُؤَخِّرُ یَاآخِرُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## عذاب قبر سے تحفظ کیلئے

**یَابَارِئُ یَاوَکِیْلُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حشر کی گرمی سے بچنے کیلئے

**یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حضور اکرم ﷺ کی شفاعت نصیب ہونے کیلئے

**یَاحَسِیْبُ یَاتَوَّابُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## دخولِ جنت کیلئے

**یَا عَفُوُّ یَارَافِعُ**

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حصولِ دولت کیلئے

# یَا غَنِیُّ یَامُغْنِیُ

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## ہر کام ہونے کیلئے

# یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## غلبہ کیلئے

# یَاقَوِیُّ یَاعَزِیْزُ

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## دُکان چلانے کیلئے

# یَا فَتَّاحُ یَارَزَّاقُ

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سومرتبہ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## حسنِ اخلاق کی فضیلت

وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور فرمایا حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ السَّھْلَ الطَّلْقَ

بے شک اللہ دوست رکھتا ہے خوش اخلاق آدمی کو

# اسماء الحسنٰی کے تفصیلی خواص

## یَا اَللّٰہُ (اے معبود برحق) کے وظائف

یادِ الٰہی کی طرف مائل ، مکمل صحت یابی ، شکوک وشبہات دور کرنے کیلئے ۔

(۱۰۰۰ ہزار مرتبہ روزانہ)

تمام مشکل امور آسان اور صاحب کشف بننے کیلئے ۔ (ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ روزانہ)

عزم ویقین کی قوت کیلئے (۱۰۰۰ ہزار مرتبہ روزانہ)

لاعلاج مریض اس کو بکثرت پڑھ کر دعا مانگے ۔

تنویر الاسماء میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ ” یَا اَللّٰہُ “ پڑھتا رہے تو مستجاب الدعوات ہو جائے ۔

جو کوئی 3125 مرتبہ اس اسم کو لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ چالیس روز میں نیک مراد حاصل ہوگی ۔

بچے کی ولادت میں دشواری ہو یا درد شدید ہو تو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ کسی چیز پر پڑھ کر تین حصّے کر کے کھلا دیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مشکل آسان ہو جائے گی ۔

## یَا رَحْمٰنُ (اے بڑے مہربان) کے وظائف

دنیا کی بلاؤں سے محفوظ رہنے کیلئے ۔ (۱۰۰ مرتبہ روزانہ)

رشتہ ملنے کیلئے ، چالیس روز تک (۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ)

مشک یا زعفران سے لکھ کر دشمن یا بد خلق کے گھر میں دفن کر دیا جائے تو حیا وشرافت اور نرمی پیدا ہوگی ۔

دل کی نرمی اور دل کی سختی و غفلت دور کرنے کیلیئے (ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ روزانہ)

کوئی فجر کی نماز کے بعد 298 مرتبہ " یَا رَحْمٰنُ " کا ورد کرے گا اللہ تعالی اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دے گا۔ اور کاروبار میں خوشحالی، فراخ دستی عطا کرے گا۔

وقت زوال باوضو ہوکر 41 مرتبہ " یَا رَحْمٰنُ " پانی پر دم کر کے دکھتی آنکھوں میں سات سات سلائیاں پانی میں بھگو کر لگائیں انشاء اللہ تین دن میں آنکھیں اچھی ہو جائیں گی۔

فجر کی سنتیں اور فرضوں کے درمیان جو کوئی 121 مرتبہ " یَا رَحْمٰنُ " کسی بھی بیمار کے سرہانے کھڑے ہو کر سات دن تک پڑھے گا انشاء اللہ بیمار تندرست ہو جائے گا۔ اگر موت مقدر ہوئی تو موت میں آسانی اور خاتمہ بالخیر ہو گا۔

جو بچے پڑھائی سے بھاگتے ہوں اور ان کا دل پڑھنے میں نہیں لگتا ہو تو پانچوں نمازوں کے بعد پانی پر دم کر کے پلائیں۔

مرگی کے مریض پر دورے کی حالت میں 40 مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر کان میں دم کریں انشاء اللہ فوراً ہوش آجائے گا۔

صاحبِ کشف بننے کے لئے 2500 مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔

## یَا رَحِیْمُ (اے رحم کرنے والے) کے وظائف

حضرت امام علی رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص 258 مرتبہ " یَا رَحِیْمُ " پڑھے اس کا انجام بخیر ہو گا اور مرتے وقت ایمان نصیب ہو گا، موت کی منازل آسان ہوں گی۔

دنیاوی آفات، بلیّات اور مصیبتوں و دشمنوں سے نجات کیلیئے (ہر نماز کے بعد 100 سو مرتبہ روزانہ)

جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ "یَا رَحِیْمُ" پڑھے گا وہ دولت مند ہو جائے گا اور مخلوق خدا مہربان ہو۔

اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ لکھ کر درخت کی جڑ میں دفن کر دیا جائے تو پھلوں میں برکت ہوگی۔

سچی محبت پیدا کرنے کیلئے (۵۰۰ مرتبہ روزانہ)

دنیاوی مشکلات سے چھٹکارا پانے کیلئے (۵۰۰ مرتبہ روزانہ)

مطلوبہ حاجت کے لئے جمعۃ المبارک بعد نماز عصر بغیر کسی سے بات چیت کئے قبلہ رو ہو کر بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے " یَا اَللّٰہُ ، یَا رَحْمٰنُ ، یَارَحِیْمُ" غروب آفتاب تک پڑھتا رہے انشاء اللہ جائز مقصد پورا ہو جائے گا۔

ذہن تیز کرنے کے لئے نسیان کو دور کرنے کے لئے ،غفلت ختم کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد اکیس 21 مرتبہ " یَا رَحْمٰنُ ، یَارَحِیْمُ " پڑھیں۔

## یَا مَلِکُ (اے حقیقی بادشاہ) کے وظائف

بعد نمازِ فجر کثرت سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ظاہری و باطنی دولت غنا سے مالا مال فرمادے گا۔ (روح البیان، سورۃ الحشر)

امام علی رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ: یہ اسماءِ مبارکہ " یَا مَالِکُ ، یَامَلِیْکُ ، یَا مَلِکُ " بہت سریع الاجابت ہیں، اس اسم کو آٹھ ہزار ایک سو مرتبہ 8100 پڑھ کر جو جائز دعا مانگی جائے جلد قبول ہو جاتی ہے۔ (تنویر الاسماء)

جو شخص تنگ دستی اور بے روزگاری سے نجات حاصل کرنا چاہے وہ دس ہزار 10,000 مرتبہ " یَا مَالِکُ ، یَامَلِیْکُ ، یَا مَلِکُ " پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولتِ دنیا اس کی جانب رجوع کرے۔

جو شخص دس ہزار 10,000 مرتبہ " یَا مَالِکَ الْمُلْکِ " پڑھے گا تو گمشدہ

چیز مل جائے گی یا دل کو صبر آجائے گا اور قلبی بے چینی دور ہو جائے گی۔

کسی بھی مقدمہ یا دشمن سے خوف ہو تو اکیس ہزار مرتبہ 21,000 " یَامَالِکَ الْمُلْکِ " تین روز تک متواتر پڑھے تو کامیابی نصیب ہوگی اور دشمن پست ہوگا۔ ترکیبِ ختم یہ ہے کہ تین آدمی باوضو قبلہ رو ہو کر بیٹھیں اور سات سات ہزار مرتبہ " یَا مَالِکَ الْمُلْکِ " پڑھیں اول آخر سات سات ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

صفائی قلب، دل میں نور پیدا کرنے کیلئے۔ (بوقتِ زوال ۱۰۰ مرتبہ روزانہ)

عزت و مرتبہ، مال دولت کیلئے فجر کی نماز کے بعد ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے۔

اگر " یَامَلِکُ ، یَاقُدُّوْسُ " پڑھا جائے تو صاحب جائیداد بن جائے گا۔

## یَاقُدُّوْسُ (اے پاکیزہ) کے وظائف

زوال کے بعد روزانہ بکثرت ورد کرنے سے امراض روحانی سے پاک ہو جائے گا۔

جو شخص " یَا سُبُّوحُ یَا قُدُّوْسُ " روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کبھی کبھی کھالیا کرے تو اس کے دل میں عبادت کا ذوق وشوق پیدا ہوگا۔

جو شخص " سُبُّوحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ " کو ان کے اعداد کے مطابق 22000 ہزار مرتبہ پڑھتا رہے گا تو کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

نیک اور بااخلاق بچہ کے لئے حمل ٹھہرنے کے بعد سے لے کر بچہ کی ولادت تک روزانہ 41 مرتبہ " یَا قُدُّوْسُ " پانی پر یا دوا پر پڑھ کر دم کر کے بیوی کو پلائیں۔

جو شخص " یَامَالِکُ ، یَاقُدُّوْسُ " روزانہ فجر و مغرب کی نماز کے بعد گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے گا، تو انشاء اللہ کبھی کسی گندے امراض مثلاً بواسیر، ناسور وغیرہ میں مبتلا نہ ہوگا۔

۹۰ مرتبہ پڑھنے سے دل میں نور پیدا ہوگا۔

۱۰۰۰ ہزار مرتبہ پڑھنے سے سب سے مستغنی ہو جائے گا۔

دوران سفر پڑھنے سے تھکان اور محتاجی دور ہوگی۔

اگر کسی چیز پر ۳۰۰ بار دم کر کے کسی کو کھلا دیں تو وہ دوست ہو جائے گا۔

## یَاسَلَامُ (اے امن وسلامتی دینے والے) کے وظائف

اس کا بکثرت ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ فرما دے گا۔

۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے شفایابی نصیب ہوگی۔

جو فجر کے بعد ۱۰۰۰ ہزار مرتبہ پڑھے گا، اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا اور نسیان کا مرض دور ہو جاتا ہے۔

حاجت پوری کرنے کے لئے تہجد میں اٹھ کر دو رکعت نفل ادا کرے اور خشوع و خضوع سے 3,000 ہزار مرتبہ " سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ " پڑھے، اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود شریف انشاء اللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

اگر ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو مریض صحت یاب ہو جائے۔

روزانہ وظیفہ کرنے سے دشمن کے خوف سے نڈر ہو جاتا ہے۔

جھگڑے کی صورت میں پڑھنے سے امن قائم ہوگا۔

## یَامُؤْمِنُ (اے ایمان وامن دینے والے) کے وظائف

ظاہر و باطن کی دولت حاصل کرنے کیلئے اور شیطان سے تحفظ کیلئے اور اللہ تعالیٰ کی امان میں رہنے کے لئے بہترین وظیفہ ہے۔

خوف وامن سے محفوظ رہنے کے لئے 36 مرتبہ پڑھنے سے نقصان وخوف سے محفوظ رہیں گے۔ (تفسیرِ روح البیان، پارہ ۲۸)

اس کا پڑھنے والا یا لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا امان میں رہے گا۔

اگر اس کو لکھ کر ٹوپی میں رکھا جائے تو جس سے بھی ملاقات ہوگی وہ مہربان ہوگا۔

شوہر کو بد اخلاقی سے روکنے کیلئے اسے ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے تو خاوند کا رویّہ درست ہوجائے گا۔ (فضائل الاسماء)

حضرت امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص روزانہ 136 مرتبہ "یَا مُؤْمِنُ" پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دل نورِ ایمان سے منوّر ہوگا۔

حضرت شیخ عبد المجید مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص روزانہ 1132 مرتبہ "یَا مُؤْمِنُ" پڑھے گا تو بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رہے گا۔

## یَامُھَیْمِنُ (اے نگہبان) کے وظائف

بعد غسل دو رکعت نفل پڑھ کے سچے دل سے جو شخص یہ اسم ایک سو 100 مرتبہ پڑھے اللہ تبارک وتعالیٰ اس کا ظاہر و باطن پاک فرمادے گا۔ اور اس کی ہر حاجت پوری ہوگی (رشتہ، قرضہ، پریشانی، ناچاقی، بیماری، تنگدستی، الغرض ہر حاجت) جو چاہے گا وہ مل جائے گا۔

جو شخص اس اسم کو پڑھتا رہے گا وہ صاحب کشف ہوجائے گا اور وہ باذنِ تعالیٰ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہوگا۔ (تفسیر روح البیان، پارہ ۲۸)

جو اس کا ورد کرے گا اس کا ظاہر و باطن منور ہوگا۔

دو رکعت نفل پڑھ کے اگر ایک سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے تو ہمیشہ دنیا کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

سفر میں پڑھنے سے مسافر ہمیشہ بخیریت واپس منزل مقصود پر پہنچے گا۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: جو اس کو کم از کم ۱۰۰ مرتبہ پڑھتا رہے گا تو اس کا حافظہ قوی اور نسیان کا مرض ختم ہوجائے گا۔

## یَاعَزِیزُ (اے غلبہ دینے والے) کے وظائف

جوشخص اس اسم مبارک کو چالیس دن تک چالیس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے معزّز اور مستغنی بنادے گا۔

جوشخص نماز فجر کے بعد یہ اسم مبارک ۴۱ مرتبہ پڑھتا رہے وہ انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

**حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:** جوشخص اس اسم مبارک کو 1000 ہزار مرتبہ سات دن تک مسلسل پڑھتا رہے تو دشمن مغلوب ہوگا۔ اور اگر کسی لشکر کے سامنے اس کو 70 مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف اشارہ کر دیں تو دشمن شکست کھا کر بھاگ جائے گا۔

اور دوسروں کی نگاہ میں ہمیشہ باعزت رہے گا، اور ہر ایک پر غلبہ حاصل ہوگا۔

رات کے آخری حصّہ میں اس کو 2000 ہزار مرتبہ پڑھ کر بارش کی دعا مانگیں تو دعا قبول ہو۔

دوبارہ عہدے پر بحال ہونے کے لئے سات دن تک غسل کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھ کر 3000 ہزار مرتبہ "یَا عَزِیزُ یَا مُعِزُّ" پڑھے پھر دعا مانگے انشاء اللہ عزوجل دعا قبول ہوگی۔

## یَاجَبَّارُ (اے عظمت والے) کے وظائف

یہ اسم مبارک کالے علم کے وار کو روکنے کے لئے بہت مؤثر ہے لہذا جادو اور کالے علم کے وار سے بچنے کیلئے اسے گیارہ روز تک ۱۵۰۰ سو مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ جادو کے اثرات ختم ہوجائیں گے۔

جوشخص روزانہ صبح وشام 226 مرتبہ اس اسم کو ورد رکھے گا انشاء اللہ ظالموں کے قہر

سے بچا رہے گا۔

اس کی برکت مال و دولت عطا فرمائے گا۔عزت و منصب عطا فرمائے گا۔ دنیا والوں کی نظروں میں معزز کر دے گا۔

جو بچہ بے حد لاغر و کمزور اور دبلا ہو گیا ہو تو سرسوں کا تیل لے کر 1109 مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں اور بچہ یا مریض پر اس کی مالش کریں انشاء اللہ عزوجل بچہ صحت مند و توانا ہو جائے گا۔

جو شخص ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ اسے پڑھے گا اس کا دل مستحکم و قوی اور صابر ہو جائے گا۔اور دل نیکی کی طرف مائل رہے گا۔

سر کے درد کے لئے ماتھے پر سات مرتبہ اس اسم کو لکھا جائے، پھر تین مرتبہ ماتھا پکڑ کر "یَا جَبَّارُ یَا سَلَامُ" سات سات دفعہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا اگر آدھے سر کا درد ہو تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کریں بہت جلد شفاء ہو گی۔

## یَامُتَکَبِّرُ (اے بڑائی و بزرگی والے) کے وظائف

بے اولاد اور بانجھ عورت کے لئے یہ اسم نہایت مجرّب ہے۔ بیوی کے پاس جاتے وقت دس مرتبہ یہ اسم پڑھا جائے تو انشاء اللہ فرزند نیک و صالح عطا ہو گا۔

جو شخص اسے روزانہ ۶۶ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے ہر کام میں برکت ہو گی۔

اگر کوئی اس اسم مبارک کو کسی کام کی ابتداء میں بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ کامیابی حاصل ہو گی۔

جو شخص اس اسم کو بعد نمازِ فجر 236 مرتبہ پڑھے تو اس میں شائستگی آئے گی اور ہر کام میں استقامت (باقاعدگی) مل جائے گی اور عوام و خواص کی نظروں میں اس کی عزت و حرمت بڑھ جائے گی۔

جس کو سوتے ہوئے ڈر وخوف محسوس ہو یا بدخوابی ہو تو سونے سے پہلے 21 مرتبہ اس اسم کو پڑھ لے اور کسی سے بات چیت کئے بغیر سو جائے۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: روزانہ کثرت سے پڑھنے کی برکت سے لوگوں کے نزدیک اس کی قدر ومنزلت بڑھے گی اور دشمن ومخالف کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

## یَاخَالِقُ (اے پیدا کرنے والے) کے وظائف

اس اسم مبارک کا بکثرت ورد رکھنے والے کا چہرہ منوّر رہتا ہے۔

سات روز متواتر ایک سو مرتبہ پڑھنے سے تمام آفتوں سے بچا رہے گا۔

صفائی قلب کے لئے جو شخص آدھی رات کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالی اس کے دل کو نورانی بنا دے گا۔

اولاد کے حصول کے لئے ایک سال تک 1000 مرتبہ اس اسم کا ورد کیا جائے تو انشاء اللہ اس کی برکت سے نیک بخت اور درازئ عمر والا بیٹا عطا فرمائے گا۔

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: گمشدہ چیز کے لئے 5,000 مرتبہ کم از کم اکیس ۲۱ دن پڑھتا رہے تو انشاء اللہ العزیز وہ چیز مل جائے گی۔

## یَابَارِئُ (اے جان ڈالنے والے) کے وظائف

جو شخص یہ اسم مبارک روزانہ سات مرتبہ نماز پنجگانہ کے بعد پڑھتا رہے، انشاء اللہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔ (بلکہ اللہ عزوجل کی رحمت سے امید ہے کہ اس کی میّت بھی محفوظ اور سلامت رہے گی)

بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے اور افطار کے وقت روزانہ ۲۱ مرتبہ "اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ" پڑھے اور پانی پر دم کر کے اسی پانی سے روزہ افطار کرے تو انشاء اللہ اولاد

نصیب ہوگی۔

روزانہ سو 100 مرتبہ پڑھنے سے آفات وبلیّات سے محفوظ رہیں گے نہ صرف تاحیات بلکہ قبر کی مٹی میں بھی ہر قسم کی سختی سے سلامت رہیں گے۔

اگر حکیم یا ڈاکٹر اپنے علاج میں شفاء پیدا کرنا چاہے تو اس اسم مبارک کو صبح وشام کثرت سے پڑھے انشاءاللہ عزوجل جس کا علاج کرے گا اسے شفاء ملے گی۔

## یَامُصَوِّرُ (اے صورت بنانے والے) کے وظائف

بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے اور افطار کے وقت روزانہ ۲۱ مرتبہ ''اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ'' پڑھے اور پانی پر دم کر کے اسی پانی سے روزہ افطار کرے، تو انشاءاللہ اولاد نصیب ہوگی۔

سخت سے سخت مشکل آسان کرنے کے لئے سات دن تک 5,000 ہزار مرتبہ اس اسم شریف کا ورد کریں۔ مقدّمہ، انٹرویو میں کامیابی نصیب ہو۔ گمشدہ واپس آجائے گا یا اس کی خیریت کی خبر آجائے گی۔

## یَاغَفَّارُ (اے بڑے بخشنے والے) کے وظائف

جو شخص بعد نمازِ عصر ''یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ'' پڑھے انشاءاللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں ہوگا۔

جو نماز جمعہ کے بعد یہ اسم ایک سو مرتبہ پڑھے تو مقبولوں میں شامل ہوگا۔ تنگی ختم ہوگی۔ بے حساب رزق ملے گا اگر یہ اسم ''یَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِی ذُنُوْبِیْ'' کے ساتھ پڑھا جائے تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔

کسی کو جائز کام کے لئے راضی کرنا مقصود ہو تو ظہر کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کو 3,000 ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب کسی مسلمان کی روزی تنگ ہوجائے یا پریشانی دامن گیر ہو یا کوئی مصیبت پیش آجائے یا اولاد کی تمنا ہو یا مال و متاع میں اضافہ چاہتا ہو تو وہ پہلے خلوص دل سے توبہ کرے اور "یَاغَفُوْرُ یَا غَفَّارُ یَاعَفُوُّ" کثرت سے کم از کم 313 مرتبہ پڑھا کرے تو انشاءاللہ جو حاجت ہے وہ پوری ہوگی۔

## یَاقَھَّارُ (اے غلبہ والے) کے وظائف

اس اسم کا بکثرت ورد کرنے سے دنیا کی محبت ختم ہوگی اور اللہ تعالی اور اس کے محبوب ﷺ کی محبت دل میں پیدا ہوگی۔

جادو، ٹونہ آسیب کو ختم کرنے کے لئے یہ اسم چینی کے برتن پر لکھ کر اس کو پلایا جائے، انشاءاللہ فوراً شفاء ہوگی۔

اگر گھر میں آسیب یا موذی جانور ہو تو اس اسم کو گیارہ روز تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے دیواروں پر چھڑکا جائے۔

دینی دنیاوی مشکلات دور کرنے کے لئے روزانہ ایک سو۱۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کریں۔

## یَاوَھَّابُ (اے بہت عطا کرنے والے) کے وظائف

جو فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو "یَاوَھَّابُ" کا بکثرت ورد کرے، یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں ۴۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھے تو فقر و فاقہ دور ہوگا۔

اگر کوئی اور مقصد ہو تو آدھی رات میں ننگے سر کھلی جگہ میں پڑھیں اس کا مدّعا پورا ہوگا۔

جس شخص کا ذاتی مکان (گھر) نہ ہو تو وہ اسے بکثرت پڑھتا رہے، انشاءاللہ اسے ذاتی مکان مل جائے گا۔

خاص حاجت در پیش ہو تو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ ''یَا وَھَّابُ'' پڑھے حاجت انشاءاللہ ضرور پوری ہوگی۔

شیخ عبدالمجید مغربی علیہ رحمۃ فرماتے ہیں: اگر کوئی مہم (اہم ترین کام) یا کسی چیز کا طالب ہو یا کوئی مراد حاصل کرنا ہو یا مقروض ہو یا رزق میں تنگی ہو یا طالبِ راہِ حقیقت ہو یا دنیا کا مال حاصل کرنا مقصود ہو تو نصف شب کو دو نفل پڑھ کر ننگے سر سو ۱۰۰ مرتبہ ''یَا وَھَّابُ'' پڑھ کر دعا کرے۔ تین شب اس عمل کو جاری رکھے۔

## یَارَزَّاقُ (اے روزی دینے والے) کے وظائف

نمازِ فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس (۱۰) مرتبہ ''یَا رَزَّاقُ'' (اے رزق عطا کرنے والے) پڑھ کر دم کریں۔ مکان ہر بلا سے محفوظ رہے گا، اس گھر میں بیماری و مفلسی نہ آئے گی اور غیب سے روزی عطا ہوگی۔

اگر کسی کی دکان چلتے ہوئے بند ہوگئی تو اس اسم کو روزانہ دکان پر پڑھنے سے انشاء اللہ جلدی جاری ہو جائے گی۔

حضرت امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص 308 مرتبہ روزانہ اس اسم مبارک کا ورد کرتا رہے تو رزق کشادہ ہو جائے گا۔

کسی کی نوکری (JOB) چھوٹ گئی ہو فجر کی نماز کے بعد 10,000 ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ لے اوّل آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے بہتر روزگار مل جائے گا۔

غربت و مفلسی دور کرنے کے لئے اپنے نام کے اعداد کے مطابق تعداد میں طلوع آفتاب سے ۱۰ بجے تک یا رات 12 بجے سے صبح صادق تک روزانہ ایک وقت متعین کر کے 40 روز تک پڑھے، اس کی برکت سے کاروبار میں برکت و ترقی ہوگی اور فاقہ سے نجات ملے گی۔

## یَافَتَّاحُ (اے کھولنے والے) کے وظائف

جو شخص یہ اسم بعد نمازِ فجر سینے پر ہاتھ رکھ کر ستّر مرتبہ پڑھے گا تو اس کا دل نور سے منور ہو جائیگا اور اس کی قسمت کھل جائے گی۔

ہر کام میں آسانی پیدا ہوگی، رکی ہوئی شادی کے لئے بھی اس اسم کا ورد بہت بہترین ہے۔

اس اسم مبارک کا ورد امتحان دینے والے، مبلّغوں، مقرّروں، مفکّروں کے لئے تاریک رات میں روشن چراغ سا فائدہ دے گا۔

تمام مشکلات کی آسانی اور ہر حاجت پورا ہونے کے لئے دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰس شریف دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ملک (تبارک الذی) پڑھیں، اور سلام پھیرنے کے بعد **500** سو مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کریں۔

## یَاعَلِیْمُ (اے جاننے والے) کے وظائف

اس اسم کا بکثرت ورد کرنے والے پر اللہ تعالیٰ علم و معرفت کے در کشادہ فرما دیتا ہے۔

صاحب کشف ہونے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھا جائے۔

جو شخص کسی چیز کا اچھا یا برا انجام معلوم کرنا چاہے تو اس اسم کو رات سوتے وقت گیارہ سو مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے، اسے بذریعہ خواب اچھے یا برے انجام کا علم ہوگا۔

جو شخص چالیس **40** روز تک نہار منہ اپنے بچے کو **21** مرتبہ (یَا عَالِمُ یَا عَلِیْمُ) پانی پر دم کر کے پلائے گا تو بچہ صاحبِ علم ہو جائے گا، ذہن اور حافظہ روشن ہوگا۔

## یَاقَابِضُ (اے تنگی کرنے والے) کے وظائف

یہ اسم اگر چالیس دن تک روزانہ ایک ٹکڑے پر لکھ کر کھایا جائے تو رزق

میں کشادگی ہوگی۔ مذکورہ عمل کی وجہ سے درد، چوٹ، زخم وغیرہ کی تکلیف بھی محسوس نہ ہوگی۔

اگر بری عادات چھڑانا مقصود ہوتو اس اسم کو پانی پر سات سو مرتبہ پڑھ کر سات دن تک پلائیں، بری عادتیں ختم ہو جائیں گی۔

مشکلیں آسان کرنے کے لئے روزانہ 100 مرتبہ ورد کریں۔

دشمن، جان، مال یا کسی بھی قسم کا خطرہ ہوتو اس اسمِ مبارک کو تین شب کم از کم 100 مرتبہ پڑھیں تو دشمن سے نجات، مال و جان کی حفاظت ہوگی۔

فجر کی نماز کے بعد 21 مرتبہ اس اسم کا ورد کرنے سے جادو اثر نہ کرے گا، اور کسی شخص کی بد دعا نہ لگے گی، نہ جنّات وغیرہ کا اثر ہوگا، الغرض ہر قسم کی بلاؤں کے دفع کرنے کے لئے یہ اسمِ اعظم ہے اور نہایت ہی عجیب الاثر ہے۔

## یَابَاسِطُ (اے کشادگی پیدا کرنے والے) کے وظائف

امام الائمہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص صبح کی نماز کے بعد دس مرتبہ ہاتھ پھیلا کر (یَابَاسِطُ) کا ورد کرے اور ہاتھ چہرے پر مل لے تو حق تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے رزق کشادہ ہو غم والم دور ہوں، تنگدست اور مبتلا قحط نہ ہو۔ (تنویر الاسماء)

زوجین میں کوئی بھی اگر بدمزاج ہوتو 300 سو مرتبہ تین روز تک (یَـابَـاسِـطُ) کو پڑھ کر پانی یا کھانے پر دم کر کے کھلائیں۔ بدمزاجی دور ہو جائے گی۔

## یَاخَافِضُ (اے پست کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر سخت دشمن سے واسطہ پڑ جائے تو اس کو پست کرنے کیلئے سات ہزار مرتبہ یہ اسم تھوڑی سی مٹی پر دم کریں اور دشمن کے دروازے پر پھینک دیں، دشمن مغلوب ہوگا۔

(۲) یا تین روزے رکھ کر چوتھے دن ایک ہی مجلس میں پانچ سو مرتبہ اس کا ورد کریں تو دشمن پر فتح یابی نصیب ہوگی۔

حاجتیں پوری ہونے کے لئے روزانہ 500 سو مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کریں، مشکلیں بھی آسان ہو جائیں گی۔

بری خصلتیں، گندی عادتیں، حیوانی خصائل سے نفس کو پاک کرنے کے لئے اس کو کثرت (کم از کم 313) مرتبہ پڑھیں۔

## یَارَافِعُ (اے بلند کرنے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص ہر ماہ کی چودھویں شب آدھی رات کے وقت ایک سو مرتبہ یہ اسم پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے مخلوق سے بے نیاز و مستغنی کر دے گا، اور تونگر بنا دے گا۔

(۲) جو شخص رات میں سوتے وقت سو مرتبہ یہ اسم پڑھے گا وہ ہر دلعزیز ہوگا، اور روز بروز مخلوق میں اس کی عزت بڑھتی جائے گی۔

(۳) آفات وبلیّات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) کسی سخت حاکم کے سامنے جائیں تو "یَارَافِعُ" پڑھتے ہوئے جائیں تو انشاء اللہ اس کی سخت گیری رحم دلی میں بدل جائے گی۔

امتحان میں امتیازی نمبر حاصل کرنے کے لئے "یَاخَافِضُ یَارَافِعُ" کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد میں شامل کر کے نقش ریشمی کپڑے یا چاندی پر کندہ کرا کر اپنی ٹوپی کے اندر سی لیں، اور اس کی برکت سے پریشانی و غم دور ہوں گے اور تحصیل علم میں آسانی بھی ہوگی۔

## یَامُعِزُّ (اے عزّت دینے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص جمعہ یا ہفتہ کی رات نماز مغرب کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھے گا تو مخلوق میں صاحب توقیر ہوگا۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی۔

(۲) فجر کی نماز کے بعد ۵۱۰ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھنے سے سفر میں حفاظت اہل خانہ میں عزت ووقار پیدا ہوگا۔

(۳) ہر کام میں آسانی اور تسخیر حاصل ہوگی۔

## یَامُذِلُّ (اے ذلت دینے والے) کے وظائف

(۱) اگر کسی ظالم کا خوف ہو تو ۷۵ مرتبہ یہ اسم نفل نماز میں سجدے میں پڑھیں انشاءاللہ ظالم ظلم چھوڑ دے گا یا تباہ ہو جائے گا۔

(۲) حاسد کے حسد سے بھی حفاظت ہوگی۔

(۳) اگر کسی نے حق روک لیا ہے تو ادا کر دے گا۔

(۴) روزانہ بعد نماز فجر ۷۷۰ مرتبہ پڑھنے سے بدکلام افسر سے نجات ملے گی۔ نفسانی خواہشات کی اصلاح ہوگی اور مخالفت کرنے والا ہمیشہ ذلیل ہوگا۔

## یَاسَمِیْعُ (اے سننے والے) کے وظائف

(۱) دعاؤں کی قبولیّت کے لئے جمعرات کے روز چاشت کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھا جائے۔ اگر ہمیشہ اس کا ورد رکھے تو مستجاب الدّعوات ہوگا۔

(۲) اگر کوئی شادی کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک روزانہ (۱۱۰۰۰) گیارہ ہزار مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ کر آخری دن اللہ تعالیٰ کے حضور شادی کی دعا کرے، انشاءاللہ قبول ہوگی۔

حضرت شیخ محمد احمد تمیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص روزانہ بعد نماز فجر سات مرتبہ سورۂ بقرۃ کی آیت 137 پارہ اوّل ) ( فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ) پڑھ لیا کرے تو تمام دن کے (اہم ترین کاموں، آزمائش، مشکلات، مقدمہ، انٹرویو، امتحان وغیرہ ہر قسم کے) مہمات کے لئے کافی ہو جائے گا۔

بہرہ ہونے سے محفوظ رہنے کے لئے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس اسم کا ورد کریں۔

## یَابَصِیْرُ (اے دیکھنے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص جمعہ کی سنتوں اور فرضوں سے پہلے یہ اسم سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا وہ عارف باللہ ہوگا۔ اور اس کا دل نور ہدایت سے منور ہوگا۔

(۲) اور جو اسے ۳۰۲ مرتبہ پڑھے وہ صاحب بصیرت بن جائے اور آنکھوں کی بینائی ہمیشہ قائم رہے۔

آنکھوں میں پانی اترتا ہو تو اوّل آخر درود شریف کے ساتھ اس اسم مبارک کو 1100 سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائیں اور پئیں تو انشاء اللہ تعالیٰ پانی اترنا بند ہو جائے گا۔

## یَاحَکَمُ (اے فیصلہ کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر سخت مہم درپیش ہو تو چلتے پھرتے اس اسم کا ورد کرے، انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔

(۲) اور ہر نیک کام میں کامیابی ہوگی۔ کشف والہام کی بھی قدرت پیدا ہوگی۔

(۳) یہ اسم حصول اقتدار کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

(۴) آخری شب میں باوضو ہو کر (۹۹) مرتبہ پڑھنے والے کا دل انشاء اللہ تعالیٰ محل اسرار ونور ہوگا۔

(۵) جو شخص جمعہ کی رات کو یہ اسم اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا قلب کشف والہام کا مرکز ہو جائے گا۔

جو اس اسم مبارک کا کم از کم 100 مرتبہ ورد کرے گا وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

## یَا عَدْلُ (اے انصاف کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر کوئی چاہے کہ لوگ اس کے تابعدار ہو جائیں تو جمعہ کی رات کو روٹی کے (۲۰) ٹکڑوں پر "یَا عَدْلُ" لکھ کر کھالے، انشاءاللہ تمام مخلوق مسخّر ہوگی۔

(۲) جو شخص اسے روزانہ (۱۰۴) مرتبہ پڑھتا رہے اس میں رضاء الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔

(۳) اگر کوئی مقدمہ ہو تو اس کا کثرت سے ورد کریں کامیابی ہوگی۔

## یَا لَطِیْفُ (اے لطف وکرم فرمانے والے) کے وظائف

(۱) اگر یہ اسم مبارک مسلسل (۲۱) روز تک بعد نمازِ عشاء باوضو ہو کر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا جائے اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں، تو دلی مراد پوری ہوگی خاص کر کنواری لڑکی کی شادی کے لئے اس کا وظیفہ بے حد مجرّب ہے۔

(۲) اس اسم کو بکثرت پڑھنے والے کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

(۳) مشکلات میں آسانی پیدا ہوگی۔

(۴) مزاج میں لطافت اور نفاست پیدا ہوگی۔

(۵) (۱۳۳) مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کے رزق میں برکت ہوگی۔ اور سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔

(۶) فقر و فاقہ، کم آمدنی، ملازمت، یا روزگار سے محروم، دکھ و مصیبت، رنج و غم، تکلیف و پریشانی میں مبتلا شخص کسی وقت بھی اچھی طرح وضو کر کے دوگانہ پڑھے اور دل میں مقصد کا خیال رکھ کر (۱۰۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## یا خَبِیرُ (اے خبر رکھنے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص اس کو سات روز تک پڑھے کا اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہوں گے۔

(۲) مؤمن کی فراست سے نوازا جائے گا۔

(۳) نفس کے شر سے رہائی پائے گا۔

(۴) اس اسم کو روزانہ (۸۱۲) مرتبہ سات روز تک سوتے وقت پڑھنے سے جس چیز کے بارے میں جاننا چاہیں معلوم ہو جائے گا۔ یعنی وہ چیز فائدہ مند رہے گی یا نقصان دہ ثابت ہوگی۔

جو شخص خیر یا شر کے متعلق معلوم کرنا چاہے وہ دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کا ثواب حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں نذر کر دے اور بعد نماز **121** مرتبہ (یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ) پڑھ لے تو انشاء اللہ عزوجل وہ عالَم خواب، یا نیم خواب، نیم بیداری، یا صرف بیداری کی حالت میں دیکھ لے گا۔

جو آدمی اپنے نفس کا تابع ہو گیا ہو یا اپنے مولا سے غافل ہو گیا ہو وہ اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے۔

## یَا حَلِیْمُ (اے بُردبار) کے وظائف

(۱) جو شخص صنعت و حرفت کھیتی باڑی میں ترقی چاہتا ہے تو اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول دے اور وہ پانی کھیت، باغات، اوزار وغیرہ پر چھڑک دے۔

(۲) جو بچہ بد اخلاق ہو اسے (۸۸۰۰) مرتبہ روزانہ یہ اسم پڑھ کر پانی پر دم کر کے گیارہ دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ بداخلاقی اچھے اخلاق میں بدل جائے گی۔

(۳) اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر کھیت، فصل پر چھڑکا جائے تو زراعت میں خیر و برکت ہوگی۔

شیخ حاجی ناصر الدین اور شیخ عبد المجید مغربی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اگر بیمار کے سرہانے اوّل آخر ۳،۳ مرتبہ درود شریف سورۂ فاتحہ اور 10 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر بیمار پر دم کر دیں تو مرض کی شدّت میں فوراً کمی آجائے گی۔ (تنویر الاسماء)

## یَا عَظِیْمُ (اے بزرگی وعظمت والے) کے وظائف

(۱) اس اسم کے بکثرت ورد کرنے والے کو انشاء اللہ تعالیٰ عزت وعظمت حاصل ہوگی۔

(۲) عزت وعظمت، دولت وصحت، آفتوں سے نجات اور بیماری سے شفاء کے لئے یہ اسم مبارک ۱۲۰ مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھیں اور ایک ہفتہ تک " وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ " کا ورد بھی کریں۔ انشاء اللہ ہر ایک کی نظر میں قابل تعظیم بن جائیں گے۔

(۳) فضل دارین حاصل ہوگا اگر کوئی مالی مشکل ہو تو وہ بھی حل ہو جائے گی۔

(۴) اوّل آخر درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ "یَا عَظِیْمُ" پانی پر دم کر کے پلانے سے پیٹ کا درد دور ہو جائے گا۔

## یَا غَفُوْرُ (اے بخشنے والے) کے وظائف

(۱) " یَا غَفُوْرُ " کا بکثرت ورد کرنے سے مال واولاد میں برکت ہوگی۔

(۲) دکھ، درد، رنج والم دور ہو جائیں گے۔

(۳) یہ اسم زعفران سے کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں شفا ہوگی۔

(۴) اگر زبان بند ہوگئی ہو تو اس اسم کے ساتھ سید الاستغفار لکھ کر مریض کو پلائیں۔

(۵) سید الاستغفار کا ورد خاتمہ بالخیر کیلئے مال واولاد میں برکت کے لئے تجارت میں ترقی کے لئے بیحد مجرب ہے اگر سات (۷) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے باغ کے تمام حصوں میں چھڑک دیا جائے تو درخت پھلوں سے بھر جائیں گے۔

(۶) جو کوئی بخار، دردسر، آواز بیٹھ جانے کے لئے ان حروف کو الگ الگ

کر کے کاغذ پر لکھ کر اس تعویذ کا عرق چوسے اور پھر نگل جائے انشاءاللہ عزّ وجلّ شفاء کامل ہوگی۔

## یَاشَکُوْرُ (اے صلہ دینے والے) کے وظائف

(۱) "اَلشَّکُوْرُ" کو روزانہ (۴۱) مرتبہ پڑھیں تو معاشی تنگی اور رنج وغم سے نجات ملے گی۔

(۲) اگر آنکھوں کی روشنی کم ہوگئی ہو تو یہ اسم (۴۱) بار پانی پر پڑھ کر آنکھوں پر مَلا جائے تو نگاہ ٹھیک ہو جائے گی۔

(۳) ہر نماز کے بعد اسے (۲۰۰۴) مرتبہ پڑھنے سے مستجاب الدّعوات بن جائے گا۔

## یَاعَلِیُّ (اے بلند و برتر) کے وظائف

(۱) جو اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اگر فقیر ہو تو مالدار بن جائے، حقیر ہو تو دل عزیز بن جائے اور اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ اسے رتبہ کی بلندی، خوش حالی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

(۲) عزّت وحرمت اور بلندی حاصل کرنے کے لئے بچہ کو جلد جوان اور طاقت ور بنانے کے لئے سفر میں بخیریت واپسی کے لئے، حصولِ دولت کیلئے، اس کے علاوہ دیگر مقاصد کے لئے اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے اور گیارہ دن تک ہر نماز کے بعد جس قدر ہو سکے اس اسم کا ورد کیا جائے۔

(۳) جو شخص بیوی کو تابع کرنے کی غرض سے اسے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے گا اس کی بیوی اس کے تابع ہو جائے گی۔

جسم میں درد یا ورم ہو جائے تو 300 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کریں۔

خونی بواسیر کے لئے 1000 مرتبہ اس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں

انشاءاللہ سات روز میں شفاءنصیب ہوگی۔

آنکھ دکھ رہی ہوتو سات مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر وہ پانی سلائی کے ذریعے آنکھوں میں لگالے، انشاءاللہ تین دن میں شفاءنصیب ہوگی۔

## یَا کَبِیْرُ (اے بڑائی والے) کے وظائف

(۱) عہدہ پر بحالی کے لئے معزول شخص سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس کا ورد کرے۔

(۲) جو شخص اس اسم کو ہمیشہ بعد نمازِ عشاء سات (۷) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ہر دشمن سے محفوظ رہے گا۔

(۳) اور ہر بلا وآفت اس سے دور رہے گی۔

(۴) اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو زہر انشاءاللہ اثر نہیں کرے گا۔

(۵) تنگی وذلت اس کی برکت سے ختم ہوگی۔

(۶) عہدے پر برقرار رہے گا اور متعلقہ لوگ اس کے تابع رہیں گے اور عزت کریں گے۔

حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص مباشرت سے پہلے یہ اسم مبارک (یَا کَبِیْرُ ، یَا اَکْبَرُ ، یَا مُتَکَبِّرُ) صرف دو مرتبہ پڑھ لے اور حمل قرار پایا تو ربّ تعالیٰ فرزند صالح عطا فرمائے گا۔

## یَا حَفِیْظُ (اے حفاظت فرمانے والے) کے وظائف

(۱) جو اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاءاللہ ہر قسم کے خوف وخطر وضرر سے محفوظ رہے گا اور چند فائدے اور ہونگے:

(۲) اگر چہ وہ درندوں کے درمیان ہو یا آگ میں گھر گیا ہو یہاں تک کہ

آسیب وجنّات کا بھی اس پر کوئی اثر نہ ہوگا۔

(۳) ہر وقت اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔

(۴) مال واسباب گم نہ ہوگا۔

(۵) حادثات سے محفوظ رہے گا۔

## یَامُقِیۡتُ (اے قوّت وتوانائی بخشنے والے) کے وظائف

(۱) "یَا مُقِیۡتُ" ۷ مرتبہ پڑھ کر خالی آب خورے (پیالہ) پر دم کرے پھر اس میں پانی پیئے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

(۲) اگر روزہ دار پر روزہ ناقابل برداشت ہوتو اس اسم کو مٹی پر لکھ کر سونگھا جائے تو قوت وغذائیت حاصل ہوگی۔

(۳) دوران سفر پانی پر دم کر کے پئیں تو پیاس ختم ہوجائے گی۔ (روزہ دار اگر سفر کا ارادہ رکھتا ہوتو سحری میں یہ عمل کرے انشاءاللہ پیاس کی شدت سے محفوظ رہے گا)

(۴) (۵۵۰) مرتبہ دم کر کے ضدّی بچے کو پلائیں انشاءاللہ ضد کو ترک کر دے گا۔

جو روزانہ بلا ناغہ 100 سو مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا وہ مل جائے گا اور غیروں سے مستغنی ہوجائے گا۔

غربت، فقر و فاقہ کو ختم کرنے اور مال و دولت میں اضافہ کے لئے روزانہ بلا ناغہ 100 سو مرتبہ اس اسم کو پڑھنا بہت مفید ہے۔

درد قولنج سے شفاء حاصل کرنے کے لئے روزانہ بلا ناغہ 100 سو مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔

## یَاحَسِیۡبُ (اے کفایت کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر کسی آدمی یا چیز کا ڈر ہوتو جمعرات سے شروع کر کے آٹھ یوم تک صبح وشام

ستّر مرتبہ " حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ " پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) رات میں سوتے وقت روزانہ یَا حَسِیْبُ کوستر (۷۰) مرتبہ پڑھا جائے تو دشمنوں کی دشمنی اور چوروں کے خوف، ہمسایہ کی بدی یہ تمام مقاصد سات دن کے وظیفہ سے حاصل ہو جائیں گے۔

(۳) " حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل " کا وظیفہ جمعرات سے شروع کیا جائے اور اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے پڑھتے رہیں ہر مشکل آسان ہو جائیگی۔

امتحان میں کامیابی کے لئے **11,000** ہزار مرتبہ روزانہ تین دن تک پڑھ کر دعا مانگے۔

## یَا جَلِیْلُ (اے بلند مرتبت والے) کے وظائف

(۱) مشک و زعفران سے یہ اسم لکھ کر اپنے پاس رکھے اور بکثرت پڑھے تو انشاء اللہ عزت و عظمت، قدر و منزلت حاصل ہوگی۔

(۲) جو شخص اس اسم مبارک کو بکثرت نماز کے بعد پڑھتا رہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی اگر اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے تو لوگوں کے دلوں میں صاحبِ عزت ہوگا۔

(۳) شبِ عروسی میں گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے دلہن کو کھلانا میاں بیوی میں محبت کا موجب بنے گا اور آئندہ زندگی میں سکون پیدا ہوگا۔

## یَا کَرِیْمُ (اے کرم کرنے والے) کے وظائف

(۱) روزانہ اس اسم کو پڑھتے ہوئے سو جایا کریں تو اسے علماء و صلحاء میں عزت نصیب ہوگی۔

(۲) عزت و تکریم کے لئے یہ اسم بے حد مجرب ہے۔

(۳) اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو (۱۱۰۰۰) مرتبہ

چالیس دن تک پڑھے انشاء اللہ جائز حاجات پوری ہوں گی۔

شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم مبارک کو پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھے تو معزّز و مکرّم ہو جائے اور مستجاب الدّعوات ہو جائے، تنگدستی و مفلسی دور ہو گی دولت اور وسعت رزق حاصل ہو۔

بخل و کنجوسی دور کرنے کے لئے **1,000** ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں، سخاوت کی صفت پیدا ہو گی۔

## یَا رَقِیْبُ (اے نگہبانی فرمانے والے) کے وظائف

(۱) "یَـا رَقِیْبُ" (۷) مرتبہ اپنے بچوں اور اپنے مال واسباب پر پڑھ کر دم کریں اور بکثرت اس کا ورد کریں انشاء اللہ سب آفتوں سے محفوظ رہیں گے۔

(۲) یہ اسم مبارک خاص کر حفاظت حمل، مال واولاد کی حفاظت کے لئے سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دم کریں بہت مجرب ہے۔

(۳) دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) اگر کوئی شخص سفر پر جاتے ہوئے اس اسم کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے مکان کی دیواروں پر چھڑک دے تو اس کی واپسی تک اس کا مکان بحفاظت رہے گا۔

گمشدہ چیز کو تلاش کرنے کے لئے اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے۔

## یَا مُجِیْبُ (اے دعا قبول کرنے والے) کے وظائف

(۱) حضرت امام علی رضا رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس اسم مبارک کو **1,000** ہزار مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے گا قبول ہو گی۔ اگر دعا کے آخر میں **26** مرتبہ (یَـا سَرِیْعُ، یَا مُجِیْبُ) پڑھ لے تو فوراً ظہور ہو گا۔

(۲) جو اس کا تعویذ گلے میں ڈالے تو گمشدہ چیز اس کو مل جائے گی۔

(۳) اگر حمل ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو سات روز تک اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سات (۷) مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ بچہ ضائع نہ ہوگا۔

(۴) اگر مسافر کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر سات (۷) مرتبہ پڑھا جائے تو دوران سفر محفوظ رہے گا۔

(۵) جو قید میں ہو اس چاہیے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے کہ یہ خلاصی پانے کا ذریعہ ہے۔

(۶) یہ اسم ناراض بیوی کو واپس بلانے کیلئے بھی مجرب ہے۔

(۷) شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کے نقش کو اپنے پاس رکھیں تو ہر بلا سے حفاظت ہوگی۔ اور سخت مہم و مشکل درپیش ہو تو ایک مجلس میں 90,000 ہزار مرتبہ پڑھے ہر حاجت پوری ہوگی نہایت مجرّب ہے۔

## یَاوَاسِعُ (اے وسعت دینے والے) کے وظائف

(۱) اس اسم کو بکثرت پڑھنے والے کے لئے غنائے ظاہری و باطنی کے در کشادہ فرما دیئے جائیں گے۔

(۲) صبر وقناعت، مال و دولت کے حصول کے لئے یہ اسم بے حد مجرب ہے۔

(۳) نمازِ عصر کے بعد خاص طور پر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ " یَا وَاسِعُ " پڑھا جائے۔ اگر کوئی شخص اپنی دوکان کا کاروبار بڑھانا چاہے تو اسے چاہیے کہ نمازِ جمعہ کے بعد چند آدمی اکھٹے کر کے اس اسم کو (۳۱۲۵۰) مرتبہ پڑھے اور چار جمعوں تک اسی طرح پڑھائی کروائے، انشاء اللہ اس کی برکت سے کاروبار میں اضافہ ہوگا۔

اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرنے والے کو دین و دنیا کی دولت نصیب ہوگی اور کبھی تنگدستی نہ ہوگی۔ نیز جس بچے کو قرآن شریف یاد نہ ہوتا ہو اسے ہر ہفتہ میں تین روز پانی

پر (۱۰۰) سومرتبہ دم کر کے پلائیں۔

## یَاحَکِیۡمُ (اے حکمت والے) کے وظائف

(۱) جو شخص بکثرت اس کا ورد کرے گا اس پر انشاءاللہ علم وحکمت کے دروازے کھل جائیں گے۔

(۲) علم کی زیادتی اور حکمت کے دروازے کھولنے کے لئے آدھی رات میں یہ اسم (۱۴۱) مرتبہ (۲۱) دن تک پڑھا جائے تو انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

(۳) اس کی برکت سے ہر مصیبت سے نجات ملے گی۔

زوجین میں نااتفاقی رہتی ہو تو اس اسم مبارک کو 1,000 ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے زیادتی کرنے والے کو کھلا دیا جائے۔

## یَا وَدُوۡدُ (اے دوستی کرنے والے) کے وظائف

یہ اسم اگر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار کھانے پر پڑھ کر بیوی کے ساتھ کھانا کھائے تو میاں بیوی میں بے پناہ محبت ہوگی اور ساتھ ہی اللہ عزوجل اور رسول اللہ ﷺ کی محبت سے دل سرشار ہوگا۔

محبتِ الٰہی کے لئے اس کا ورد لازمی کرنا چاہئے۔

شوہر کی محبوب بنانے کے لئے زوجہ 3,000 ہزار مرتبہ اس اسم کو عطر پر دم کرے اور خاوند کے سامنے جائے تو شوہر محبت کرنے لگے گا۔

## یَامَجِیدُ (اے عزّت والے) کے وظائف

اگر کسی شخص کو کوجذام (کوڑھ) ہو جائے تو وہ ایام بیض یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد سے مسلسل اس اسم پاک کو نمازِ عشاء تک پڑھتا رہے انشاء اللہ تین دن میں اس کا اثر دیکھ لے گا۔

صاحب عزت بننے کے لئے اس اسم کو روزانہ بعد نماز فجر 100 مرتبہ پڑھیں۔

ذلت ورسوائی سے بچنے کے لئے ، مالدار بننے کے لئے ، رشتہ یا شادی کرنے کے لئے ، عہدہ کی بحالی کے لئے اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے۔

## یَابَاعِثُ (اے قبر سے اٹھانے والے) کے وظائف

جو شخص سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے اس کا دل علم و حکمت سے منوّر ہو جائے گا۔ گناہ سے نفرت ہوگی ، نیکی سے رغبت اور دل صاف ہوگا۔

## یَا شَهِیْدُ (اے موجود) کے وظائف

یہ اسم مبارک صبح کے وقت آسمان کی طرف منہ کر کے (۲۱) مرتبہ پڑھا جائے تو اولاد نیک کردار اور پرہیزگار ہو جائے۔

اگر بیوی کے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے تو اس کے دل میں بے حد محبت ہو جائے۔

نافرمان بیوی یا بچہ یا پھر شرارتی ہو تو روزانہ صبح کو اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر (۲۱) مرتبہ پڑھ کر دم کردیں مطیع وفرمانبردار ہو جائیں گے۔

## یَاحَقُّ (اے ثابت کرنے والے) کے وظائف

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو کاغذ کے چاروں کونوں پر اس کو لکھ کر آدھی رات کے وقت ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف دیکھتا رہے اور پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی ۔ یا پتا چل جائے گا۔

قید سے رہائی کے لئے قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے **160** مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھ لے۔

مقدمہ میں جائز وحق فیصلہ کے لئے **7,000** ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھیں انشاء اللہ عزوجل تین دن میں حق ظاہر ہو جائے گا۔

## یَاوَکِیْلُ (اے کارساز) کے وظائف

رزق کی کشادگی کے لئے ہر نماز کے بعد (۱۱۱) مرتبہ پڑھیں۔

اگر آندھی طوفان میں کوئی پھنس جائے، یا آفات و بلیّات میں گھر جائے تو بکثرت اس کا ورد کرے اور ساتھ ہی "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل" کا ورد بھی کرے۔

شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم مبارک میں مراد پوری ہونے کی مکمل تاثیر موجود ہے۔ اس کو کثرت سے پڑھنے کی برکت سے اگر قیدی ہے تو رہائی نصیب ہو، مسافر ہے تو وطن واپسی ہو، مقروض ہے تو قرض سے خلاصی نصیب ہو، جدائی ہے تو ملاپ نصیب ہو۔

## یَاقَوِیُّ (اے طاقت وقوّت والے) کے وظائف

اگر دشمن کا خوف ہو تو اس کی ہلاکت کے لئے بعد نماز عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ دشمن ہلاک ہو جائے گا یا اس کے شر سے نجات مل جائے گی۔ مگر یہ یقین ضروری ہے کہ دشمن ظالم ہے اور یہ مظلوم ہے۔ اگر ناحق دشمن پر یہ عمل کیا تو کرنے والا گنہگار ہو گا۔

حمل کے دن آسانی سے گزر جائیں تو ( یَاقَوِیُّ یَاقَادِرُ یَا قَائِمُ یَا دَائِمُ ) روزانہ کم از کم 100 سو مرتبہ پڑھ لیں۔

اگر فجر کی نماز کے بعد روزانہ 40 مرتبہ اس اسم کو پڑھ لیں تو تمام دینی و دنیوی مقاصد پورے ہوں گے۔

## یَا مَتِیْنُ (اے بہت مضبوطی والے) کے وظائف

اگر ماں کا دودھ کم ہو گیا ہو تو یہ اسم کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر خود پیئے اور کچھ چھاتیوں پر لگایا جائے تو انشاء اللہ دودھ میں زیادتی ہو گی۔

اگر اولاد فسق و فجور میں مبتلا ہو جائے تو دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں اور بچّوں سے بھی اس کا ورد کرائیں۔

جو بچہ چلنے سے معذور ہو تو اس اسم مبارک کا نقش باندھ دیں۔

اگر ماں کا دودھ کم ہوگیا ہوتو یہ اسم کاغذ پرلکھ کر پانی میں گھول کرخود پیئے اور کچھ چھاتیوں پرلگایا جائے توانشاءاللہ دودھ میں زیادتی ہوگی۔

اگراولاد فسق وفجور میں مبتلا ہوجائے تو دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کراس پر دم کریں اور بچّوں سے بھی اس کا ورد کرائیں۔

جو بچہ چلنے سے معذور ہوتواس اسم مبارک کا نقش باندھ دیں۔

## یَاوَلِیُّ (اے دوست) کے وظائف

حسنِ عمل کی توفیق کے لئے جمعہ کی شب میں ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھا جائے۔

دشمن کی بدنیتی بھانپنے کے لئے اس کا ورد مجرّب ہے۔

اگر بیوی یا اولاد بدکاری کی طرف مائل ہوں توان کے سامنے چالیس روز تک اس اسم کو پڑھتے رہیں انشاءاللہ پارسائی اور پرہیز گاری پیدا ہوگی۔

## یَاحَمِیْدُ (اے تعریف کے لائق) کے وظائف

اگر طبیعت نیکی پر مائل نہ ہواور اور برائی کی عادت نہ چھوٹتی ہوتو چالیس دن تک تنہائی میں یہ اسم پڑھا جائے جلد ہی اخلاق اچھے ہوجائیں گے۔

## یَامُحْصِیُ (اے گھیرنے والے) کے وظائف

اگر طبیعت عبادت کی طرف مائل نہ ہوتی ہوتو سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر سات (۷) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے بہت جلد عبادت وریاضت کا شوق پیدا ہوگا۔

عذاب قبر کا خطرہ ہوتواس سے بھی محفوظ رہے گا۔

جمعہ کی رات کوایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو بے حساب جنّت میں داخل ہوگا۔

یہ اسم مبارک حساب کتاب کرنے والوں (Accountantship) اور

امتحان دینے والوں کے لئے آبِ حیات کا حکم رکھتا ہے کتنا ہی کام کیوں نہ ہو آسان ہو جائے گا اور غلطی سے محفوظ ہو جائے گا۔

## يَا مُبْدِئُ (اے پیدائش کی ابتداء کرنے والے) کے وظائف

حمل ظاہر ہونے کے بعد جو شخص اپنی بیوی یا محرم کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ایک ہفتہ تک ننانوے (۹۹) مرتبہ پڑھ کر اس اسم کو دم کرے تو حمل محفوظ رہے گا اور اگر حمل نو ماہ سے زیادہ ہو جائے تو بھی اس کے ورد سے جلد لڑکا پیدا ہوگا۔

## يَا مُعِيْدُ (اے دوبارہ پیدا کرنے والے) کے وظائف

نسیان یعنی بھول چُوک اور بیماری سے شفاء کے لئے اس کا ورد بے حد مجرّب ہے۔

اگر کوئی شخص غائب ہو جائے یا کوئی چیز گم ہو جائے تو گھر کے صحن میں یہ اسم ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سوتے وقت پڑھا جائے اور گم شدہ کا تصوّر کیا جائے جلد واپس آئے گا یا خبر ملے گی۔

## يَا مُحْيِيُ (اے زندہ کرنے والے) کے وظائف

عذاب قبر سے تحفّظ کے لئے اس کا ورد ہر جمعہ کو نماز جمعہ کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ کر لیا کریں۔

اگر گرفتاری یا جیل کا ڈر ہو تو سات روز تک ہر نماز کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

## يَا مُمِيْتُ (اے مارنے والے) کے وظائف

بغیر حساب جنّت میں داخلے کے لئے ہر نماز کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر سات (۷) مرتبہ پڑھ کر اپنے گریبان میں دم کرے بری عادت چھوٹ جائے گی۔ عبادت کا ذوق پیدا ہوگا۔

## يَا حَيُّ (اے زندہ) کے وظائف

لاعلاج مریض کے لئے روزانہ تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہی پانی مریض کو پلایا جائے، عام بیماری میں چینی کے برتن میں گلاب و مشک سے گیارہ (۱۱)

مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر بیمار کو پلایا جائے، یا اکّیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

## یَا قَیُّوْمُ (اے ہمیشہ سے قائم رہنے والے) کے وظائف

دلوں کو اپنے قبضے میں کرنے کے لئے بعد نمازِ فجر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اونچی آواز سے " یَا حَيُّ یَا قَیُّوْمُ "کا ورد کریں، ہر مصیبت میں یہ وظیفہ کارساز ہے۔

## یَا وَاجِدُ (اے پانے والے) کے وظائف

صفائی قلب کے لئے اور نور ایمان کے لئے کھانے کے ہر لقمہ پر اس کو پڑھ لیا جائے تو دل میں وجد (معرفت حق کا جذبہ) پیدا ہوگا، اور معرفت کا مقام بھی حاصل ہوگا۔

## یَا مَاجِدُ (اے بزرگی والے) کے وظائف

کفّار و مشرکین پر دھاک بٹھانے کے لئے یا پھر ظالم کو مرغوب کرنے کے لئے بے حد مجرّب ہے۔ اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرنے سے حال طاری ہوگا اور نورِ عرفان بھی حاصل ہوگا۔

## یَا وَاحِدُ (اے یکتا) کے وظائف

اولاد صالح کے لئے اس کا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے اور اگر تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو اس کا کثرت سے ورد کرے، دل سے خوف جاتا رہے گا، اور دل میں قوّت و ہمّت حاصل ہوگی۔

## یَا اَحَدُ (اے واحد) کے وظائف

اس کی تلاوت سے بھی وحشت دور ہوگی، اور اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوگی، بعض بزرگوں نے اس کو اسم اعظم بتایا ہے، بوقتِ ضرورت اس کا بھی وظیفہ کر سکتے ہیں۔

## یَا صَمَدُ (اے بے نیاز) کے وظائف

ظالم سے نجات، بھوک سے حفاظت، مخلوق سے بے پرواہونے کے لئے صدّیقوں میں شمولیت کے لئے نمازِ فجر کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ اس کا ورد کریں۔

## یَا قَادِرُ (اے طاقت والے) کے وظائف

دشمن کو ذلیل و رسوا کرنا مقصود ہو تو وضو کے دوران اسے پڑھتے رہے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دشمن کا تصوّر کر کے اس کی طرف دم کرے فوراً اثر ہوگا۔

## یَا مُقْتَدِرُ (اے قدرت والے) کے وظائف

صبح بیدار ہوتے ہی اس اسم کو پڑھ لیا کریں تو دن بھر کے تمام اچھے کام آسان ہو جائیں گے عبادت کا شوق پیدا ہوگا، غفلت دور ہوگی۔

## یَا مُقَدِّمُ (اے بڑھانے والے) کے وظائف

تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو اسے پڑھتا رہے بے خوف ہوگا اور ہر اذیت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر میدان جنگ ہو تو زخمی نہ ہوگا، دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

## یَا مُؤَخِّرُ (اے پیچھے کرنے والے) کے وظائف

جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا اس کا خاتمہ ایمان پر بالخیر ہوگا، توبہ نصیب ہوگی خدا عزوجل و رسول ﷺ کا مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

## یَا اَوَّلُ (اے سب سے پہلے) کے وظائف

دورانِ سفر اس کا ورد بے حد مفید ہے، پوری کامیابی کے ساتھ اپنے اہل و عیال میں واپس ہوگا۔ بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لئے بعد نمازِ عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

## یَا اٰخِرُ (اے سب سے آخر میں رہنے والے) کے وظائف

اگر کسی شخص نے زندگی بھر نیک عمل نہ کیا ہو تو ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے انشاءاللہ توبہ قبول ہوگی اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

## یَا قَادِرُ (اے طاقت والے) کے وظائف

دشمن کو ذلیل و رسوا کرنا مقصود ہو تو وضو کے دوران اسے پڑھتے رہے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دشمن کا تصوّر کر کے اس کی طرف دم کرے فوراً اثر ہوگا۔

## یَا مُقْتَدِرُ (اے قدرت والے) کے وظائف

صبح بیدار ہوتے ہی اس اسم کو پڑھ لیا کریں تو دن بھر کے تمام اچھے کام آسان ہو جائیں گے عبادت کا شوق پیدا ہوگا، غفلت دور ہوگی۔

## یَا مُقَدِّمُ (اے بڑھانے والے) کے وظائف

تنہائی میں ڈر لگتا ہو تو اسے پڑھتا رہے بے خوف ہوگا اور ہر اذیت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر میدان جنگ ہو تو زخمی نہ ہوگا، دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

## یَا مُؤَخِّرُ (اے پیچھے کرنے والے) کے وظائف

جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا اس کا خاتمہ ایمان پر بالخیر ہوگا، توبہ نصیب ہوگی خدا عزوجل و رسول ﷺ کا مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

## یَا اَوَّلُ (اے سب سے پہلے) کے وظائف

دورانِ سفر اس کا ورد بے حد مفید ہے، پوری کامیابی کے ساتھ اپنے اہل و عیال میں واپس ہوگا۔ بھاگے ہوئے کو واپس لانے کے لئے بعد نمازِ عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

## یَا اٰخِرُ (اے سب سے آخر میں رہنے والے) کے وظائف

اگر کسی شخص نے زندگی بھر نیک عمل نہ کیا ہو تو ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے انشاءاللہ توبہ قبول ہوگی اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

## یَاتَوَّابُ (اے توبہ قبول کرنے والے) کے وظائف

جو شخص چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھے گا اس کو سچی توبہ نصیب ہوگی، خاتمہ بالخیر ہوگا اور اگر ظالم پر پڑھیں تو وہ ہلاک ہوگا۔

## یَامُنْتَقِمُ (اے بدلہ لینے والے) کے وظائف

اگر دشمن کو راضی کرنا مقصود ہو تو اس اسم کو تین جمعہ کی راتوں کو نماز عشاء کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے دشمن راضی یا ہلاک ہو جائے گا۔

## یَاعَفُوُّ (اے معاف کرنے والے) کے وظائف

جو شخص بہت گنہگار ہو اور مایوسی کے قریب پہنچ چکا ہو وہ اس اسم مبارک کو ہر نماز کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہوگا۔ بغیر حساب کے جنّت میں داخلہ ہوگا۔

## یَارَءُوْفُ (اے مہربان) کے وظائف

اگر کسی حاکم، افسر کے پاس جانا مقصود ہو یا ظالم سے حق لینا ہو تو اس کو کثرت سے پڑھے کامیابی نصیب ہوگی۔

## یَامَالِکَ الْمُلْکِ (اے مُلک کے مالک) کے وظائف

جو شخص نماز فجر کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا اس سے نحوست دور ہو جائے گی، تونگری بے حساب آئے گی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

## یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (اے عظمت اور بزرگی والے) کے وظائف

اگر کوئی مہم، اہم ترین کام درپیش ہو تو بعد نمازِ عشاء سو (۱۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کریں کامیابی نصیب ہوگی۔

## یَامُقْسِطُ (اے انصاف کرنے والے) کے وظائف

دل میں شیطانی وسوسے پیدا ہوں تو بعد نمازِ عصر سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیں دل

روشن ہوگا اور ہر مقصد حاصل ہوگا۔

## یَا جَامِعُ (اے جمع کرنے والے) کے وظائف

جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو اچھے دوست واحباب عطا فرمائے گا، اور اگر کسی کے اہل عیال جدا ہوں تو اتوار کے دن صبح غسل کرے اور اس اسم کو پڑھ کر ایک ایک انگلی بند کرتا جائے اور آسمان کی طرف دیکھتا رہے۔ جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو ہاتھ منہ پر پھیر لے۔ انشاءاللہ جدائی ملاپ میں بدل جائے گی۔

## یَا غَنِیُّ (اے بے پرواہ) کے وظائف

اگر کوئی کسی مرض، بلا و مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو اس اسم مبارک کو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور سارے بدن پر پھیر لے۔

## یَا مُغْنِیُ (اے بے پروا کرنے والے) کے وظائف

اگر اس اسم کو مسلسل پڑھا جائے تو مخلوق سے بے نیازی حاصل ہوگی۔ اگر صبح و شام سوسو (۱۰۰، ۱۰۰) مرتبہ پڑھیں تو ظاہر و باطن کی دولت حاصل ہوگی۔

## یَا مُعْطِیُ (اے دینے والے) کے وظائف

دعا کے وقت " یَا مُعْطِی السَّائِلِینَ " کے ورد سے دعا قبول ہوگی، غنا حاصل ہوگا، مخلوق سے بے نیازی ہوگی، طبیعت میں سخاوت پیدا ہوگی۔

## یَا مَانِعُ (اے روکنے والے) کے وظائف

جس شخص کی بیوی نافرمان ہو تو سوتے وقت اس اسم کا وظیفہ کریں بیوی کے دل میں محبت پیدا ہوگی جائز محبت کے لئے بھی اس کا عمل کیا جا سکتا ہے۔

## یَا ضَارُّ (اے نقصان پہنچانے والے) کے وظائف

اگر کوئی شخص کہیں ٹھہرنا چاہتا ہو اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اس یہاں ٹھہرنا مفید

ہے یا مضر تو ایّامِ بیض کے روزے رکھے اور افطار کے وقت اس اسم کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے تو اس کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ جگہ اس کے حق میں اچھی ہے یا بری، چاند کی ۱۳۔۱۴۔۱۵ تاریخ کو ایّامِ بیض کہتے ہیں۔

## یَا نَافِعُ (اے نفع دینے والے) کے وظائف

بیوی سے محبت اور اولاد صالح کے لئے سوتے وقت سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں، دورانِ سفر اس کا ورد بے حد مفید ہے۔

## یَا نُوْرُ (اے روشنی کرنے والے) کے وظائف

جو شخص جمعہ کی رات میں بعد نماز عشاء گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس اسم کو ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو اسرارِ الٰہی ظاہر ہوں گے اور تمام جسم نور سے منوّر ہو جائے گا۔

## یَا هَادِیُ (اے ہدایت دینے والے) کے وظائف

جو شخص رات میں کسی بھی وقت اٹھ کر دعا کے لئے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اسے پڑھے تو دل ہدایت پر مضبوط ہو گا اور جلد معرفت حاصل ہو گی۔

## یَا بَدِیْعُ (اے بغیر ذریعے کے پیدا کرنے والے) کے وظائف

کوئی غم یا مصیبت یا کوئی مہم درپیش ہو تو بارہ روز تک بعد نماز عشاء بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ ''یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ'' کا ورد کریں بارہ دن کے اندر تمام مقاصد میں کامیابی ہو گی۔ استخارہ کرنا ہو تو سوتے وقت پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے سو جائے خواب میں صحیح بات معلوم ہو جائے گی۔

## یَا بَاقِیُ (اے ہمیشہ رہنے والے) کے وظائف

بعد نمازِ فجر جو شخص اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے ہر قسم کے نقصانات سے محفوظ رہے گا۔ صدقۂ جاریہ کرنے کی توفیق ہو گی۔ دولت کبھی ختم نہ ہو گی۔

## یَاوَارِثُ (اے مالک) کے وظائف

طلوع آفتاب سے پہلے جو شخص اس اسم کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھتا رہے گا عذاب قبر سے محفوظ رہے گا، شک وشبہ دل سے نکل جائے گا۔

## یَارَشِیْدُ (اے سیدھی تدبیر والے) کے وظائف

اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کسی معاملہ میں فیصلہ نہ کرسکتا ہو تو "یَا رَشِیْدُ" نماز مغرب و عشاء کے درمیان ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو گم شدہ چیز مل جائے گی اور قوّت فیصلہ حاصل ہوگی۔

## یَاصَبُوْرُ (اے سب سے بڑھ کر تحمّل والے) کے وظائف

دن نکلنے سے پہلے اگر کوئی شخص اس اسم کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لے تو دن بھر اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔

اگر بیماری یا درد ہو تو تیس ہزار (۳۰۰۰۰) مرتبہ اس کو پڑھیں۔


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**تصدیق نامہ**

**قاری حافظ محمّد زمان**

منظور شدہ گورنمنٹ پروف ریڈر

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے آزاد پبلشرز کی کتاب

"دکھی دلوں کا سہارا مع اوراد و وظائف" کو بغور پڑھا ہے۔

اس کے اندر کوئی غلطی نہیں ہے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

دستخط: عبدہ المذنب محمد زمان قادری اقوی